http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

جلد 22 | پیر 7 ستمبر 2026ء | 24 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 60

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

پاکستان اور مصر کا امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کیلئے دوبارہ کوششیں تیز کرنے پر زور

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان اور ناروے کے ہم منصب ایسپن بارتھ ایدے بھی ٹیلیفونک گفتگو، علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال

مصری وزیر خارجہ بدر کی اسحاق ڈار کو جلد مصر کے دورے کی دعوت، وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا، ترجمان وزارت خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مصر نے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد دوبارہ شروع کرنے اور تنازع پھیلنے سے روکنے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

ایرانی وزیر خارجہ کا سعودی اور ترک ہم منصبوں سے ٹیلیفونک رابطہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا ہے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو شہیدوں کے شہر لاڑکانہ آمد پر خوش آمدید، بلاول بھٹو

ہمیں آخر کار برداشت، احترام اور مل جل کر رہنے کی سیاست کی طرف واپس آنا ہوگا،۔۔۔ سہیل آفریدی کا بھی اظہار تشکر

اسلام آباد/پشاور (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کے دورے پر وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

لبنان، اسرائیلی فضائی حملوں میں 4 افراد جاں بحق، 20 زخمی

کارروائی اسرائیلی اہلکاروں پر دو ڈرون حملوں کے جواب میں کی گئی

بیروت: (ویب ڈیسک) لبنان کی وزارتِ صحت کے مطابق اسرائیلی فضائی حملوں میں 4 افراد جاں بحق اور کم از کم 20 زخمی ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی فوج کا دعویٰ ہے کہ اس نے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر دعا کر رہے ہیں

خیبرپختونخوا فورسز کی کارروائیاں، بھارتی حمایت یافتہ 21 دہشتگرد ہلاک

شمالی وزیرستان میں ایک اور جھڑپ کے دوران پاک افغان سرحد کے ساتھ خوارج کے ایک اور گروہ کی نقل و حرکت کا سراغ سیکیورٹی فورسز نے لگا لیا

31 اگست/1 ستمبر کی درمیانی شب شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد کے ساتھ سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے بعد علاقے میں چھپے مزید 10 خوارج کو بھی جہنم واصل کر دیا

افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو سرحد پار دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کے استعمال سے روکنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں مختلف جھڑپوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 21 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 31 اگست/1 ستمبر 2026ء کی درمیانی شب شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد کے ساتھ سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے بعد علاقے میں چھپے مزید 10 خوارج کو بھی جہنم واصل کر دیا گیا، جس کے بعد ان خوارج کی مجموعی (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت 8 ممالک کی اسرائیلی وزرا کے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی کے بیانات کی مذمت

غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا اٹوٹ حصہ ہے، منصفانہ اور پائیدار امن کا واحد راستہ دو ریاستی حل ہے

فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 ممالک نے اسرائیلی وزرا کی جانب سے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی سے متعلق بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

نئے صوبوں کا معاملہ عوام کو فیصلہ کرنے دیں، کیا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

امید ہے نئے صوبوں کے معاملے کو مثبت انداز میں لیا جائے گا، صوبوں پر تفصیلی بحث ہو رہی ہے، سوچنا ہوگا نئے صوبوں کے حوالے سے کیا ہو سکتا ہے

دنیا بھر میں یورپ، برطانیہ ہر جگہ اس طرح کا نظام موجود ہے، چاہتے ہیں مقامی سطح پر لیڈرشپ آئے، خواہش ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ [illegible] (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

ایران کی معاشی ناکہ بندی امریکا کو بھاری پڑے گی، پاسداران انقلاب کا بڑا دعویٰ

ایران کے خلاف حملوں اور پابندیوں میں واشنگٹن کامیاب نہیں ہوگا، حسین [illegible]

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب [illegible] (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

جنوبی وزیرستان، ڈرون حملے میں سرائے نورنگ کا سیکورٹی اہلکار شہید

جنوبی وزیرستان (این این آئی) جنوبی وزیرستان [illegible] (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

لبنان: جنوبی گاؤں الحسینیہ میں اسرائیلی فضائی حملے کے بعد دھوئیں کے بادل اٹھ رہے ہیں

وزیراعلیٰ سے فیصل نصیر کی ملاقات، دہشتگردی کیخلاف اقدامات پر تبادلہ خیال

قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد میں اضافے اور دہشت گردی کے تدارک کے لیے باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے امور زیر غور آئے

وزیراعلیٰ نے میجر جنرل فیصل نصیر کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی [illegible] (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع پر جی ایچ کیو میں تقریب، ایڈجوٹنٹ جنرل کی یادگار شہداء پر حاضری

راولپنڈی (این این آئی) [illegible] (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع و شہداء، پاک فوج کے جوانوں کا ملکی سلامتی و بقا کیلئے ہر قربانی دینے کا عہد

[illegible] (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

ایران: حادثے کا شکار ہونے والا آئل ٹینکر کے پرزے زمین پر پڑے ہوئے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ، پہلے اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کا فیصلہ، نقشہ وزیراعظم کو پیش

وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نیا نقشہ وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ میں 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش

اسلام آباد کی اپنی اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے ہوں گے، 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث جاری ہے، حکومت نے سب سے پہلے اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کی تیاری کے سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اعلیٰ سطح کی خصوصی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

حیدرآباد: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کارکنوں کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی، رانا ثناء اللہ

پیپلز پارٹی نے سرائیکی صوبے کی بات کرنا اب تقریباً چھوڑ دیا

اوپن ڈسکشن کے بعد اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا اور پھر آئین و قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا

جب تک متعلقہ آئینی فورم پر معاملہ نہیں آتا یہ تمام باتیں محض بحث برائے بحث ہی رہیں گی، وفاقی مشیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی مشیر رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق ہونے والی گفتگو فی الحال صرف سیمینارز، فورمز اور میڈیا کی بحث تک محدود ہے جبکہ اس معاملے کا اصل اور آئینی فورم پارلیمنٹ ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ پارلیمنٹ میں ابھی تک نئے صوبوں کے حوالے سے نہ کوئی قرارداد سامنے آئی ہے نہ کوئی بل پیش ہوا ہے اور نہ ہی اس معاملے پر کوئی باقاعدہ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

ایم کیو ایم پاکستان کے اندر اختلافات ہیں، پارٹی انتخابات سے ہی ختم ہوں گے، مصطفیٰ کمال

نئے انتظامی یونٹس صرف ایم کیو ایم کی خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ بن چکے ہیں

پارٹی انتخابات میں کارکنان جسے کامیاب یا ناکام قرار دیں، سب کو فیصلہ قبول کرنا ہوگا

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے اعتراف کیا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان کے اندر اختلافات موجود ہیں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

روس نے لائپزگ ایئرپورٹ پر ڈرون حملے سے متعلق جرمن الزامات کو یکسر مسترد کر دیا

ماسکو (این این آئی) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے لائپزگ ایئرپورٹ پر ڈرون حملے سے متعلق جرمن الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرمنی ایک بار پھر جنگ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی بھارت میں صدیوں پرانی مسجد کے انہدام کی شدید مذمت

عالمی برادری بھارتی مسلمانوں پر ظلم و ستم اور سرکاری سرپرستی میں عبادت گاہوں کی تباہی کا نوٹس لے

تاریخی عبادت گاہ کا انہدام اسلامی ورثہ مٹانے کی وسیع تر ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کی ریاست اتر پردیش میں صدیوں پرانی مسجد کو شہید کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے جاری ایک بیان میں (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر پھول چڑھا رہے ہیں

ملک کے مضبوط دفاع کیلئے ہمیں معیشت کو ناقابل تسخیر بنانا ہوگا، احسن اقبال

موجودہ دور میں جنگ اسلحے کے بجائے معیشت، ٹیکنالوجی اور سائبر سکیورٹی کے میدان میں لڑی جا رہی ہے

قوم کو متحد ہو کر دفاع وطن مضبوط بنانا ہوگا، دفاع پاکستان کے موقع پر تقریب سے خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک کے مضبوط دفاع کے لیے ہمیں اس ملک کی معیشت کو ناقابل تسخیر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر گورنمنٹ ہائی سکول نارووال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا آج کا دن دفاع وطن کی تاریخ کا روشن دن ہے۔ 6 ستمبر کے دن ہمارے شہدا نے (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

ستمبر کیلئے تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو کا ٹینڈر جاری

کراچی (این این آئی) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے ستمبر کے دوران ایل این جی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو کی خریداری کا ٹینڈر جاری (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

دوسروں پر بیان بازی سے آپ اپنی کارکردگی کی کمزوریاں نہیں چھپا سکتے، سہیل آفریدی

وزیراعلیٰ پنجاب نے 3 صوبوں کو دہشتگردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ دی

پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے پر کام ہو رہا ہے، عظمیٰ بخاری

پشاور/لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے تین صوبوں کو دہشت گردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

حکومت کی رٹ ختم، وفاق صوبوں کی معدنیات پر قبضہ کرنا چاہتا ہے، مولانا فضل الرحمن

حکمران اپنی ناکامی کا اعتراف کر کے نااہل ہو چکے ہیں، معدنی وسائل صوبوں کی ملکیت تسلیم کرنے سے ملک خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا

صوبوں کا معاملہ اصل میں این ایف سی کا معاملہ ہے، آئین کہتا ہے کہ این ایف سی میں اضافہ ہو سکتا ہے، کمی نہیں ہو سکتی، سربراہ جے یو آئی

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن لاہور پہنچ گئے جہاں انہوں نے سینئر صحافی مجیب الرحمن شامی کے گھر دعوت میں شرکت (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

ساہیوال (این این آئی) جمعیت العلمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ 1973 کے آئین کو چھیڑ خانی کرنے سے مسائل بڑھتے جا رہے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سفاری کلب انٹرنیشنل کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، شرجیل میمن

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے یوم دفاعِ پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ایک لاکھ ٹن سے زائد درآمدی چینی عالمی منڈی میں فروخت کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کی منظوری کے بعد ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے بیرون ملک سے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈی آئی جی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان گفتگو کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ہدایت پر نیپال کے لیے انسانی امداد کی کھیپ کھٹمنڈو بھیج دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حکومتِ پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

امن کے لیے ہمارا عزم کسی صورت ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، وزیراعظم

شہدا کی قربانیاں وہ مقدس امانت ہے جس کی بنیاد پر پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی قائم ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ یوم دفاع و شہدا کے موقع پر ہم اپنے شہدا کی لازوال شجاعت، غازیوں کی بہادری اور ان کے اہل (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کو حراست میں لے لیا

حماد اظہر کی گرفتاری سیاسی انتقام اور فسطائیت کی بدترین مثال ہے، پی ٹی آئی

گرفتاری 9 مئی کے جی او آر گیٹ حملہ کیس میں مطلوب تھے، انسدادِ دہشت گردی عدالت حماد اظہر کو اشتہاری قرار دے چکی ہے

حکومت سیاسی مخالفین کو دبانے اور تحریک انصاف کی آواز خاموش کرنے کے لیے ریاستی طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہی ہے، پی ٹی آئی

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور رہنما پی ٹی آئی حماد اظہر کو پولیس نے حراست میں لے لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حماد اظہر کو لاہور کے علاقے آرائے بازار کے قریب سے حراست میں لیا گیا، وہ ملتان جا رہے تھے جہاں چیکنگ کے دوران پولیس (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

حکومت نااہلی چھپانے کیلئے بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے، حافظ نعیم

شہباز حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں غریب عوام سے چار ہزار ارب وصول کیے، آج سے مذاکرات کا آغاز ہوگا

حکومت لیبیا، ملک اور صومالیہ میں یرغمال پاکستانیوں کی رہائی کے اقدامات کرے، مقبوضہ کشمیر سے پابندی ختم کی جائے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے موجودہ حکومت نااہل ترین ہے، یہ اپنی نااہلی اور کرپشن چھپانے کے لیے سارا بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے، پیر سے حکومت سے مذاکرات کا آغاز ہوگا، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو دھرنے حکومت گراؤ (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع وطن کی حفاظت کے ساتھ ہر شعبے میں ذمہ داری کا تقاضا کرتا ہے، رانا تنویر حسین

کسان، سائنسدان، محنت کش اور محافظِ وطن سب پاکستان کی مضبوطی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

ملکی سلامتی اور غذائی تحفظ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے قومی مفادات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ یوم دفاع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کی حفاظت صرف سرحدوں پر نہیں، ہر شعبے میں (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

دفاعِ وطن میں سندھ کے بہادر سپوتوں کا کردار تاریخ کا روشن باب ہے، وزیراعلیٰ

سندھ کے عوام ہر مشکل گھڑی میں پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے یوم دفاع و شہداء کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہمیں وطن کے دفاع کے لیے دی گئی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور آزادی کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

نوجوان پہاڑ نہیں، سڑک اور کلاشنکوف نہیں، قلم و کتاب کو اپنا ہتھیار بنائیں، ہدایت الرحمٰن بلوچ

عوام بالخصوص نوجوان مایوس نہ ہوں بلکہ جماعت اسلامی پر اعتماد کر کے امن ترقی و خوشحالی کی راہ میں ہمارا ساتھ دیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ نوجوانوں سے کہتا ہوں کہ پہاڑ نہیں، سڑک اور کلاشنکوف نہیں، قلم و کتاب ہمارا ہتھیار ہے۔ اس جدوجہد میں ہر بلوچ، ہر پشتون، ہر مظلوم اور اقلیتی برادری ہمارا (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان میں بادل پھٹنے سے سیلاب، شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچا دی جس کے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

ملک کی دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، شعیب نوشیروانی

پاکستانی قوم اپنے وطن کے دفاع کے لیے متحد اور ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

غزہ، 70 بچوں سمیت 100 فلسطینی شہدا کی اجتماعی نمازِ جنازہ اور تدفین

غزہ (این این آئی) غزہ پٹی میں 70 بچوں سمیت 100 فلسطینی شہدا کی اجتماعی نمازِ جنازہ اور تدفین کر دی گئی۔ نمازِ جنازہ اور (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال یوم دفاع پاکستان کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غزہ، بوکھلاہٹ کی شکار اسرائیلی فوج نے فائرنگ کو گولہ باری سمجھ کر میزائل شکن چلا دیئے

غزہ (این این آئی) حماس، حزب اللہ اور ایران سے جنگ میں تھکی ہوئی اور خوف زدہ اسرائیلی فوج نے غزہ میں موجود اپنی ہی (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع تجدید عہد اور قومی اتحاد کی علامت ہے، راجہ پرویز اشرف

6 ستمبر وہ دن ہے جب ہماری مسلح افواج نے بڑے دشمن کے دانت کھٹے کیے

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے یوم دفاع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یوم دفاع محض جشن نہیں، قوم کا تجدید عہد بھی ہے، 6 ستمبر وہ دن ہے جب ہماری مسلح افواج نے بڑے دشمن کے دانت کھٹے کیے، زندہ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

بلوچستان سے دیگر صوبوں کے لیے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے ملک کے دیگر صوبوں کے لیے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رہی جس کے باعث (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی کو سفاری کلب انٹرنیشنل کی پاکستان شاخ کے چیئرمین سید صمصام علی بخاری بریفنگ دے رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ گوادر بزنس
ABC Certified
ایڈیٹر ریاض احمد

بلوچستان کے عوام کا امن ریاست کی کوششوں کا مرکزی نقطہ ہے

آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا اور فیلڈ فارمیشنز کے کمانڈرز اور کمانڈنگ آفیسرز سے ملاقات کی، دورے کے دوران فیلڈ مارشل کو موجودہ سیکیورٹی صورتحال، آپریشنل تیاریوں اور بلوچستان میں امن واستحکام برقرار رکھنے کے لئے جاری اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق اس موقع پر ادارہ جاتی ہم آہنگی اور صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی میں معاونت سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاری سمیت بے لوث عزم اور اعلیٰ معیار کے مظاہرے کو سراہا، مستحکم امن اور پائیدار اقتصادی سرگرمیوں و ترقی کے لئے سازگار ماحول برقرار رکھنے کی خاطر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر ریاستی اداروں کے درمیان مسلسل ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیا، فیلڈ مارشل نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کا امن، خوشحالی اور فلاح و بہبود ریاست کی کوششوں کا مرکزی نقطہ ہے۔ ایک مستحکم اور محفوظ ماحول صوبے کے عوام کے لیے ترقیاتی اقدامات، اقتصادی مواقع اور بہتر امکانات کی راہ ہموار کرتا رہے گا، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شہداء کی قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور فرائض کی ادائیگی میں افسران اور جوانوں کے غیر متزلزل عزم ولگن کی تعریف کی۔

یوم دفاع کی مناسبت سے مشاعرہ

بلوچستان ریفارمز کا دورہ براہوی آکیڈمی
ڈاکٹر راج رئیسانی کا توسیعی لیکچر
فائزہ صدیقی اور صدف غوری کی برگ دارالمطالعہ آمد

منسٹری آف یوتھ آفیئر اینڈ اسپورٹس بلوچستان یوم دفاع کی مناسبت سے کل محفل مشاعرہ منعقد کررہی ہے۔

مشاعرے میں جہاں کوئٹہ کے نامور شعراء کرام کو دعوت نہیں دی گئی وہاں معروف شاعرہ نے اپنا نام شعراء کی فہرست میں بلا اجازت شامل کرنے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اس امر کی مذمت کی ہے۔

بلوچستان ریفارمز کے روح رواں محمد ارسلان فیاض کی قیادت میں بلوچستان ریفارمز کے وفد نے براہوی اکیڈمی کا دورہ کیا۔

وفد میں بلوچستان ریفارمز کے اراکین شاہ محمد شامی، شیخ فرید، عجب سائل، ناہید کریم، فردوس، سیماب رفیق، پلواشہ حنیف، سحرش کاشف اور درین زینب وغیرہ شامل تھے۔

دورے کے موقع پر براہوی اکیڈمی کی

ادبی منظر۔۔شیخ فرید

انتظامیہ اور اساتذہ سے ملاقات کی گئی، جس میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی، طلبہ کی مثبت سرگرمیوں اور معاشرے میں تعلیمی شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقع پر محمد ارسلان فیاض نے کہا کہ بلوچستان ریفارمز تعلیم، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے نئی نسل کی کردار سازی اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

براہوئی ادبی سوسائٹی کے زیرِ اہتمام خصوصی ادبی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں براہوئی زبان کے معروف افسانہ نگار، ادیب اور دانشور ڈاکٹر تاج رئیسانی نے توسیعی لیکچر دیا

نشست کے مرکزی موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر تاج رہیسانی نے براہوئی افسانے کے ارتقائی سفر، موجودہ صورتِ حال اور مستقبل کے امکانات پر تفصیلی اور فکری لیکچر دیا۔ انہوں نے براہوئی افسانے کے فنی تشخص کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے افسانے کے فن، تکنیک، اسلوب، زبان و بیان، موضوعاتی وسعت اور بیانیہ ساخت پر سیر حاصل گفتگو کی۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی زبان کے فکشن کی پختگی کا اندازہ اس کے موضوعات کے تنوع کے ساتھ ساتھ اس کی فنی اور اسلوبیاتی تشکیل سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔

نشست کے دوسرے مرحلے میں سوال و جواب اور اوپن ڈسکشن کا اہتمام کیا گیا، جس میں اہلِ علم و ادب نے بھرپور حصہ لیا۔ اس موقع پر وحید زہیر، افضل مراد، عارف ضیاء، پروفیسر حمیرا صدف، نور پرکانی، ڈاکٹر منیر حنفی، ڈاکٹر سلیم کرد، اے ڈی بلوچ، یوسفی بلوچ، ابرار، برکت مینگل اور ڈاکٹر ظہور ریکی نے معاصر افسانے، براہوئی فکشن کی موجودہ صورتِ حال اور اس کے روشن مستقبل کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور سوالات کیے۔

گفتگو کے دوران خصوصاً افسانہ اور قاری کے باہمی ربط، معاصر افسانے کے تقاضوں، براہوئی زبان وادب میں فکشن کے امکانات اور تنقید کی ضرورت جیسے اہم موضوعات زیرِ بحث آئے۔ اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ براہوئی فکشن کی تخلیقی پیش رفت کے ساتھ ایک مضبوط اور بامعنی تنقیدی روایت کا فروغ بھی ناگزیر ہے، تاکہ تخلیقات کے فنی وفکری محاسن کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ نئے رجحانات کی درست تفہیم اور علمی سطح پر قدر پیمائی ممکن ہو سکے۔

ڈاکٹر تاج رہیسانی نے براہوئی ادبی سوسائٹی کی جانب سے علمی وادبی نشستوں کے باقاعدہ انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیاں ادب کے مختلف موضوعات پر سنجیدہ مکالمے کو فروغ دیتی ہیں اور تخلیق کاروں، قارئین اور ناقدین کے درمیان فکری ربط پیدا کرتی ہیں۔ انہوں نے اس سلسلے کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھنے کا مشورہ دیتے ہوئے مطالعے، بالخصوص براہوئی ادب کے وسیع اور گہرے مطالعے پر زور دیا۔

انہوں نے اس بات کی ضرورت پر بھی زور دیا کہ براہوئی افسانہ نگار اپنے فنی معیار، اسلوب اور تخلیقی تجربات کا دوسری زبانوں کے فکشن کے ساتھ تقابلی مطالعہ کریں۔

براہوئی ادبی سوسائٹی کے چیئرمین افضل مراد نے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر تاج رہیسانی اور تمام شرکائے نشست کا شکریہ ادا کیا۔

برگ دارالمطالعہ ایک فعال اور متحرک کتب بینی کا شعبہ ہے جس کی اہمیت اور افادیت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھ رہی ہے۔ یہ بات معروف شاعرات محترمہ فائزہ صدیقی اور محترمہ صدف غوری نے برگ دارالمطالعہ کے دورے کے موقع پر کہی۔

دونوں شاعرات نے لائبریری کا تفصیلی معائنہ کیا اور کتب کی کیٹ لاگ ترتیب اور گوشوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا برگ دارالمطالعہ نے کم وقت میں زیادہ کام کیا ہے۔ جو قابل ستائش ہے۔

انھوں نے کہا کہ نسل نو کو مطالعہ بینی اور کتاب دوستی کو پروان چڑھانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔۔

☆☆☆☆

بلوچستان ریفارمز کے وفد کا براہوی اکیڈمی کا دورہ

کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) بلوچستان ریفارمز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) و سینئر صحافی محمد ارسلان فیاض کی قیادت میں بلوچستان ریفارمز کے وفد نے براہوی اکیڈمی کا دورہ کیا۔

وفد میں بلوچستان ریفارمز کے اراکین شاہ محمد شامی، شیخ فرید، عجب سائل، ناہید کریم، فردوس، سیماب رفیق، پلوشہ حنیف، سحرش کاشف اور درین زینب وغیرہ شامل تھے۔

دورے کے موقع پر براہوی اکیڈمی کی انتظامیہ اور اساتذہ سے ملاقات کی گئی، جس میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی، طلبہ کی مثبت سرگرمیوں اور معاشرے میں تعلیمی شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقع پر محمد ارسلان فیاض نے کہا کہ بلوچستان ریفارمز تعلیم، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے نئی نسل کی کردار سازی اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

براہوی اکیڈمی کی انتظامیہ نے بلوچستان ریفارمز کے وفد کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے تعلیم اور سماجی شعبے میں باہمی تعاون کے فروغ کی خواہش کا اظہار کیا۔

منتخب غزل۔۔نوشی گیلانی

اب کس سے کہیں اور کون سنے جو حال تمہارے بعد ہوا
اس دل کی جھیل سی آنکھوں میں اک خواب بہت برباد ہوا

یہ ہجر ہوا بھی دشمن ہے اس نام کے سارے رنگوں کی
وہ نام جو میرے ہونٹوں پر خوشبو کیطرح آباد ہوا

اس شہر میں کتنے چہرے تھے، کچھ یاد نہیں سب بھول گئے
اک شخص کتابوں جیسا تھا وہ شخص زبانی یاد ہوا

وہ اپنے گاؤں کی گلیاں تھیں دل جن میں ناچتا گاتا تھا
اب اس سے فرق نہیں پڑتا ناشاد ہوا یا شاد ہوا

بے نام ستائش رہتی تھی ان گہری سانولی آنکھوں میں
ایسا تو کبھی سوچا بھی نہ تھا دل اب جتنا بے داد ہوا

حمد باری تعالیٰ۔۔۔شاہد سنگارپوری

جس نے سجدے میں سر جھکایا ہے
رب کے بے حد قریب آیا ہے
میں نے جب جب بھی آزمایا ہے
خود کو کورا عمل میں پایا ہے
تو ہی رازق ہے ساری خلقت کا
تجھ سے ہر ذی نفس نے پایا ہے
سچ ہے سب کے غرور کو مولیٰ
تو نے ہی خاک میں ملایا ہے
جو نوازا ہے مجھ کو ایماں سے
یہ بھی احساں ترا خدایا ہے
شان سے جی رہا ہے دنیا میں
تو نے رستہ جسے دکھایا ہے
لہلہاتی جو فصل ہے اللہ
تو نے ہی تو اسے اگایا ہے
قرب اپنا عطا کیا اس کو
جس نے سجدوں میں دل لگایا ہے
چشمے جاری کئے پہاڑوں سے
خوب زمزم کو بھی بنایا ہے
جس پہ چشمِ کرم ہوئی تیری
راستہ ٹھیک اس نے پایا ہے
عاشقوں کے لئے تو جنت کو
تو نے حوروں سے بھی سجایا ہے
جس پہ فضل وکرم ہوا تیرا
اس نے گھر خلد میں بنایا ہے
اے خدا بخش دے تو شاہد کو
سامنے خستہ حال آیا ہے



حلقہ تخلیقِ ادب پاکستان کے زیرِ اہتمام شاندار نعتیہ مشاعرہ

یکم ربیع النور کا بابرکت آغاز:
حلقہ تخلیقِ ادب پاکستان (لاہور کینٹ)
کے زیرِ اہتمام شاندار نعتیہ مشاعرہ

لاہور، ماہِ ربیع الاول کی آمد اور یکم تاریخ کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر، حلقہ تخلیقِ ادب پاکستان لاہور کینٹ کے زیرِ اہتمام ایک پروقار اور روح پرور نعتیہ مشاعرے کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب 15 اگست کو بعد از نمازِ مغرب سوسائٹی پبلک اسکول، مغلپورہ میں منعقد ہوئی، جس میں عاشقانِ رسول اور نامور شعراء کرام نے عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے۔

صدارت ومہمانانِ گرامی:
تقریب کی صدارت معروف ادیب و شاعر جناب صادق جمیل صاحب نے فرمائی۔
جبکہ مہمانانِ خصوصی کی حیثیت میں درج ذیل نامور شخصیات نے رونق بخشی:

رضا عباس رضا
عبدالرزاق ایزد
حسنین مظہری
شاہ میر مغل

اس پروقار محفل کی سب سے بڑی دلکش بات یہ تھی کہ اس میں حال ہی میں حکومتِ پاکستان کی طرف سے اعلیٰ سول اعزاز 'پرائیڈ آف پرفارمنس' حاصل کرنے والی جلیل القدر شخصیت جناب اعجاز توکل خان نے بطورِ خاص شرکت فرما کر محفل کے وقار کو دوچند کردیا۔

شعراء کرام کی کہکشاں:
نعتیہ مشاعرے میں اپنے جذباتِ عقیدت اور فنِ شاعری کے ذریعے بارگاہِ رسالت

رپورٹ۔ساحل ھاشمی (ایڈووکیٹ)

مآب میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے والے شعراء کرام کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

صادق شاہین
اسلم شوق
ڈاکٹر اخلاق گیلانی
شوکت علی ناز
ساحل ھاشمی
چاک شاہی
اشرف یاد
شاہ محمد شان
اسد علی رانا
وقاص ریاض
شیراز انجم
ذیشان منیر
سرور خان جندکڑکی
عدیل شیرازی
سعید محمد سعید
طاہر شاہجہانی
قاسم مقصود
غلام رسول درویش

علاوہ ازیں، جناب توصیف شہزاد سمیت دیگر احباب نے تقریب میں بطورِ سامعین شرکت کر کے شعراء کی حوصلہ افزائی کی۔

نظامت کے فرائض:
محفلِ نعت کی خوبصورت اور جاندار نظامت کے فرائض جناب اشفاق فلک نے انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دیے، جنہوں نے اپنے دلنشین انداز سے تقریب کے رنگ کو مزید نکھار دیا۔

تقریب کا اختتام درود وسلام اور ملک و قوم کی سلامتی کی رقت آمیز دعا کے ساتھ ہوا۔

☆☆☆☆

ڈائریکٹر یوتھ افیئرز سجاد اسلم بلوچ کا بزم صائم ادبیات کے زیراہتمام محکمہ کھیل وامور نوجوانان کے تعاون سے یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے اختتام پر شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

مجھے جستجو عشق ہے، تیری قربتوں کا سوال ہے
میں ہوں عشق سے نہ آشنا، میرے دوستوں کا خیال ہے
میرا قلم ہے گواہ اس پر، میری شاعری بھی دلیل ہے
میری سانس ہے جو چل رہی، تیری چاہتوں کا کمال ہے

میری نگاہ سے تو دور ہے، دل و جاں سے پر تو قریب ہے
یہ فراق ہے نہ وصال ہے، تیری شفقتوں کا یہ حال ہے
تجھے زندگی میں کیا ملا؟ صرف عشق ہی تو نہیں زندگی
تو نہ خوف کر اس بات کا، تیرے دشمنوں کی یہ چال ہے

وہ نہ مل سکا تو کیا ہوا؟ کسی اور کا وہ نصیب تھا
یہ عشق کی نہیں ہار دوست، تیری محبتوں کا زوال ہے
میری منزل ہے دور بہت پر، میری جستجو کو دوام ہے
کوئی رنج ہے نہ ملال ہے، میری عاشقی بے مثال ہے

☆☆☆غزل۔۔۔شاہد سنگارپوری☆☆☆

جا نہیں پائے اگر آج تو کل جائیں گے
ان کی محفل میں سنانے کو غزل جائیں گے
آج کے دور میں یہ خام خیالی ہوگی
یہ تو بچے ہیں کھلونوں سے بہل جائیں گے
چاہتے بچوں کو اسمارٹ موبائل اب
دیکھنے گا نہ انہیں گر تو اچھل جائیں گے
صدق و اخلاص و وفا، انس و اخوت کے امیں
ہم وہ سکے ہیں جو ہر دور میں چل جائیں گے
ڈھونڈھنے سے بھی کہیں ہم نہیں ملنے والے
ایک دن یوں تری محفل سے نکل جائیں گے
اس کی بابت تو کسی نے نہیں سوچا ہوگا
وقت کے ساتھ ہی رشتے بھی بدل جائیں گے
ٹھوکریں آئیں گی رستے میں یقیناً شاہد
چلتے چلتے جو گرے ہیں تو سنبھل جائیں گے

قدم قدم پہ لطف ہم اٹھانے لگ گئے
حیات حادثے حسیں بنانے لگ گئے
میاں کسی نے دی نگر بسانے کی صدا
نکل کے دشت سے سو مجنوں آنے لگ گئے
تمھیں جو منزلیں بہت ہی آساں ہیں لگی
وہ پانے میں ہمیں تو ہیں زمانے لگ گئے
جی دشت میں ہمارا جس سے لگا نہیں
تو نت نئے دیار ہم بسانے لگ گئے
سیاہی ہر سو پھیل جب گئی دیار میں
صراط جگنو کچھ ہمیں دکھانے لگ گئے
ہمارے دل پہ چھائی تھیں خزائیں جس سے
حسیں نظارے بھی ہمیں تھکانے لگ گئے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی، ڈائریکٹر یوتھ افیئرز سجاد اسلم بلوچ ودیگر مقررین بزم صائم ادبیات کے زیراہتمام محکمہ کھیل وامور نوجوان کے تعاون سے یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

بہادر فوج نے بھارتی افواج کا غرور خاک میں ملا دیا پوری قوم وطن عزیز کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادروں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے 1965 کی طرح معرکہ حق میں بھی پاکستان کی مسلح افواج نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ وہ نہ صرف مادرِ وطن کے ایک ایک انچ کا دفاع کرنا جانتی ہیں بلکہ امن قائم رکھنے کا حوصلہ بھی رکھتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یوم دفاع کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے شرکا 6 ستمبر 1965 تاریخ کا وہ باب ہے جو پاکستانی قوم کبھی نہیں بھولتی اس دن ہمارے بہادر سپوتوں نے جرات، ہمت اور بہادری کی وہ مثال قائم کی جس سے ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہے، رات کی تاریکی میں جب بھارت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لاہور پر حملہ کیا تو پاک فوج کے شیر دل جوانوں نے ایسی بے مثال جرات دکھائی کہ آج 25 کروڑ عوام اور بچہ بچہ میجر شہید عزیز بھٹی بننے اور نشانِ حیدر حاصل کرنے کا عزم رکھتا ہے، اسی طرح جرات کی وہ مثال بھی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی جب ایم ایم عالم نے دشمن کے پانچ طیارے لمحوں میں تباہ کر کے ستارہ جرات اپنے نام کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ہمیں اپنے شہداء پر فخر ہے اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں شہدا کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی

بقیہ 2

میں شہریوں، سیاسی وسماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کا آغاز بہرانی ہاؤس سے ہوا، جو بہرانی چوک سے ہوتی ہوئی تحصیل روڈ پہنچی اور مختلف راستوں سے گزرنے کے بعد واپس بہرانی ہاؤس پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے پاکستان کی مسلح افواج سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے وطنِ عزیز کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے قومی جذبے کا بھرپور اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم دن ہے

بقیہ 3

غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یومِ دفاع ہمیں قومی اتحاد، یکجہتی، حب الوطنی اور وطنِ عزیز سے وفاداری کا درس دیتا ہے پاک فوج نے ملک کے دفاع کے لیے ہمیشہ بے مثال قربانیاں دی ہیں جنہیں قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ پاکستان کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لیے ہر محاذ پر اپنا کردار ادا کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر و جام گروپ کے سینئر رہنما عبدالحمید رونجھ نے وندر میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی کی خصوصی ہدایت پر جام گروپ کی قیادت میں وندر میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر شاندار ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر عبدالحمید رونجھ، جام گروپ کے سینئر رہنما حاجی سکندر علی جنگ، سردار کامران گونگہ، وڈیرہ ضیاء اللہ بلوچ نے کی۔ ریلی میں سیاسی وسماجی شخصیات جام گروپ کے کارکنان نوجوانوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میونسپل کمیٹی وندر سے نکالی گئی جو المصطفیٰ صابرین ہوٹل سے یوٹرن لیتے ہوئے وندر پل تک پہنچ کر دوبارہ میونسپل کمیٹی وندر میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جبکہ پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے وندر کی فضائیں گونجتی رہیں

بقیہ 4

بحرانی صورتحال کا مختلف پہلوؤں سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، مسلسل جانی نقصانات، عوامی مشکلات، معاشی تباہی اور بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے ناقابلِ تلافی نقصانات پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس نے دہشت گردی اور بدامنی کے واقعات میں سیکورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں اور بے گناہ شہریوں کی شہادتوں پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر واستقامت کی دعا کی۔ اجلاس میں اس امر پر واضح کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان موجودہ سنگین حالات میں تمام سیاسی مصلحتوں یا جماعتی تحفظات کو پس پشت ڈال کر صوبے کو موجودہ بحران سے نکالنے، امن وامان کی بحالی، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد کے لیے جو بھی سنجیدہ، آئینی، جمہوری اور مثبت اقدامات ضروری ہوں، جمعیت علماء اسلام ان میں اپنے تمام سیاسی تحفظات سے بالاتر ہو کر ہر ممکن معاونت اور حمایت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ اجلاس نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کسی مزید انتشار، تصادم، بدامنی اور تباہی کا متحمل نہیں ہو سکتا، اس لیے تمام سیاسی قوتوں، ریاستی اداروں اور حکومتی ذمہ داران کو ذاتی، گروہی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر صوبے کے مستقبل اور عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح بنانا ہوگی۔ اجلاس میں بلوچستان کے مختلف اضلاع میں جاری عوامی بحران، بدامنی، کاروباری سرگرمیوں کی بندش، روزگار کے مواقع میں کمی اور بنیادی سہولیات کی ابتر صورتحال پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ مسلسل بدامنی نے پہلے ہی صوبے کی معیشت، تجارت، زراعت اور معمولات زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، جبکہ حالیہ واقعات کے نتیجے میں قومی شاہراہوں، پلوں، سڑکوں اور دیگر اہم سرکاری وعوامی انفراسٹرکچر کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ مواصلاتی رابطوں کے متاثر ہونے سے نہ صرف عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ صوبے کے مختلف علاقوں کے درمیان معاشی اور سماجی رابطے بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ اجلاس نے مطالبہ کیا کہ تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی فوری بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ بلوچستان کو مزید تباہی اور عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی شدید افسوس اور تشویش کا اظہار کیا گیا کہ ایک جانب بلوچستان خون، بدامنی اور خوف کی کیفیت سے گزر رہا ہے، عوام اپنے جان ومال کے تحفظ کے لیے پریشان ہیں اور صوبے کا انفراسٹرکچر تباہی کا شکار ہے، جبکہ دوسری جانب حکومتی ذمہ داران مراعات، عہدوں اور سرکاری ملازمتوں کی بندربانٹ کے معاملات میں باہمی کشمکش، الزام تراشی اور ایک دوسرے کو ذمہ دار ٹھہرانے میں مصروف ہیں۔ اجلاس نے مطالبہ کیا کہ سرکاری ملازمتوں، مراعات اور دیگر معاملات میں سامنے آنے والے الزامات کی شفاف، غیر جانبدار اور قابل اعتماد تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں اور کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کا راستہ روکا جا سکے

بقیہ 5

پینافلیکس اٹھا رکھے تھے۔ اس موقع پر فضا "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی۔ ریلی کی قیادت قربان علی ملک، محمد بچل قمبرانی، عارف حسین شیخ، راشد علی ببر، ارسلان لغاری اور دیگر مقامی رہنماؤں نے مشترکہ طور پر کی۔ بیگاری کینال پل پر اختتامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے ہر مشکل دور میں ملکی سرحدوں کی حفاظت کی ہے اور دشمن کے ہر ناپاک عزائم کو ہمیشہ خاک میں ملایا ہے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ 6 ستمبر 1965ء کا دن ہماری تاریخ کا روشن باب ہے، جب پاک فوج اور پوری قوم نے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر بے مثال بہادری اور اتحاد کا مظاہرہ کیا۔ مقررین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ یوم دفاع ہمیں وطن پر جان نثار کرنے والے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، اور پوری قوم اپنے محسنوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی

بقیہ 6

اور ریفریز کورس منعقد کرائے جائیں گے، گراس روٹ لیول سے لے کر قومی سطح تک نئے ٹیلنٹ کو ابھارنے کیلئے صرف کھلاڑیوں کی محنت کافی نہیں ہوتی بلکہ انہیں جدید تکنیک سکھانے والے کوالیفائیڈ کوچز اور میدان میں قوانین کے مطابق شفاف فیصلے کرنے والے ریفریز کا ہونا بھی لازمی ہے۔ گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق تائیکوانڈو پلیئر اور گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان سیکرٹری کے جنرل سید علی عمران نے کہا کہ نئے ٹیلنٹ کو نچلی سطح سے گروم کرنے اور مقابلوں میں شفافیت لانے کیلئے تحصیل، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی سطح پر جدید کوچنگ کورسز، جدید کپیسٹی بلڈنگ کورسز منعقد کرائے جائیں گے جبکہ اسکول اور کالج کی سطح پر بچوں اور نوجوانوں میں ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی، ان کورسز سے کوچز اور ٹیکنیکل آفشلز کی تکنیکی مہارت میں اضافہ ہوگا جس سے ہمارے کھلاڑیوں کو بین الاقوامی قوانین اور جدید حکمت عملیوں سے آگاہی ملے گی، ریفریز اور کوچز کی پیشہ ورانہ تربیت سے مقامی سطح پر کھیل کے مقابلوں کا معیار بہتر ہوگا اور فیصلوں میں غیر جانبداری برقرار رہے گی۔ سید علی عمران نے کہا کہ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیر اہتمام تحصیل، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی سطح پر ایونٹس کا انعقاد کیا جا رہا ہے

بقیہ 7

بنا کر وطن کے دفاع کی لازوال تاریخ رقم کی انہوں نے کہا کہ یومِ دفاع ہمیں شہدا اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، جنہوں نے مادرِ وطن کے تحفظ، سلامتی اور خودمختاری کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا سید حیدر علی شاہ نے کہا کہ آج کے دن ہم عہد کرتے ہیں کہ ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں گے اور پاکستان کے دفاع وسلامتی کے لیے ہر قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے

بقیہ 8

بگٹی، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور دیگر اعلیٰ سول وعسکری حکام نے شرکت کی۔ تقریب کے موقع پر پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے یادگارِ شہداء پر سلامی پیش کی، جبکہ گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کور کمانڈر بلوچستان اور دیگر سول وعسکری حکام نے یادگارِ شہداء پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کیا گیا۔

بقیہ 9

سلامتی، امن وامان، ترقی اور عوامی فلاح کے حوالے سے انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دورہ اس عزم کا واضح اظہار ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بلوچستان کو دہشت گردی، تخریب کاری، سرحدی چیلنجز اور دیگر سیکیورٹی مسائل کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں ریاستی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مکمل ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انٹیلی جنس اداروں، سول انتظامیہ، پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان قریبی تعاون سے ہی سیکورٹی چیلنجز کا مؤثر اور دیرپا مقابلہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں کا مقصد ہر صورت ریاستی رٹ کو مضبوط بنانا، دہشت گردی کا خاتمہ، عوام کی جان و مال کا تحفظ اور صوبے میں معمولات زندگی کو بحال رکھنا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں اور ریاست ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ حقیقی اور پائیدار امن صرف سکیورٹی اقدامات سے حاصل نہیں کیا جا سکتا بلکہ امن کے ساتھ معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی بھی ضروری ہے

بقیہ 10

جس میں اسسٹنٹ کمشنر بسیمہ، ایس ایچ او بسیمہ، سول سوسائٹی کے نمائندوں، شہریوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز قومی پرچم کشائی سے کیا گیا، جبکہ اس موقع پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ شرکاء نے قومی پرچم لہرا کر وطنِ عزیز سے اپنی والہانہ محبت اور قومی یکجہتی کا اظہار کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم اور قابلِ فخر دن ہے، جو ہمیں مادرِ وطن کے دفاع کے لیے پاک فوج کے جوانوں اور دیگر شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سرحدوں اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے حقیقی ہیرو ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی مقررین کا کہنا تھا کہ یوم دفاع ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم ملک کی سلامتی، خودمختاری، امن اور استحکام کے لیے ہمیشہ متحد رہیں گے۔ نوجوان نسل کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے شہداء کی قربانیوں، قومی تاریخ اور ملکی ذمہ داریوں سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے پاکستان کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرے

بقیہ 11

سے نصیر آباد کے معروف قبائلی رہنما اور امن کمیٹی کے رکن کمانڈر میر امداد حسین مری کی قیادت میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جس میں مختلف قبائلی عمائدین، سیاسی وسماجی شخصیات اور محبِ وطن شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی مری ہاؤس سے روانہ ہو کر مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی شہید بینظیر بھٹو پریس کلب، اللہ والے چوک پہنچی، جہاں شرکاء نے قومی پرچم لہراتے ہوئے پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی کے شرکاء کا جوش وجذبہ قابلِ دید تھا اور پورا علاقہ قومی نعروں سے گونج اٹھا۔ اس موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نصیر آباد کے معروف قبائلی رہنما اور امن کمیٹی کے رکن کمانڈر میر امداد حسین مری نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں اپنی بہادر افواج اور ان عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطنِ عزیز کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

بقیہ 12

نے کہا کہ 6 ستمبر ہمیں ان عظیم شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادرِ وطن کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا آج کا دن قوم کے اسی عزم کی تجدید کا دن بھی ہے کہ پاکستان کی حفاظت اور ترقی کے لیے ہم سب متحد رہیں گے شیخ امتیاز حسین نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد پاکستان کا وقار دنیا بھر میں بلند ہوا ہے پاکستان کی مسلح افواج نے ہمیشہ قوم کے شانہ بشانہ رہتے ہوئے ملک کے دفاع میں بے مثال جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیوں کا مظاہرہ کیا ہے قوم اپنے شہداء، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو ہمیشہ عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کے لیے قومی اتحاد، باہمی تعاون اور اپنی ذمہ داریوں کا احساس انتہائی ضروری ہے زراعت اور باغبانی سمیت ملک کے تمام شعبوں کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا بھی وطن سے محبت کا عملی اظہار ہے

بقیہ 13

افواجِ پاکستان کے ان بہادر سپوتوں اور شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاک فوج کے جوانوں نے بے مثال جرات، بہادری اور شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ ہمارے شہداء نے اپنے خون سے وطن کی سرحدوں کی حفاظت کی اور پوری قوم کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ آج بھی افواج پاکستان ملکی دفاع، قومی سلامتی اور امن واستحکام کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو قدر واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 14

بحال ہونے میں مزید دو روز لگنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ مسلسل چار روز سے پانی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور گھروں میں پانی کے ذخائر ختم ہونے کے بعد لوگ پینے اور دیگر گھریلو ضروریات کے لیے پانی کے حصول کی خاطر مختلف ذرائع سے پانی خریدنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ وندر میں پانی کا مسئلہ کوئی نیا نہیں بلکہ عرصہ دراز سے شہر کو پانی کی قلت کا سامنا ہے تاہم مین سپلائی کی موٹر خراب ہونے کے بعد متبادل انتظام نہ ہونا متعلقہ ذمہ داروں کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ 15

ستمبر 1965 کو ہماری بہادر مسلح افواج نے پوری قوم کے ساتھ مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر اس دن کو ہمیشہ کے لیے حب الوطنی، قومی یکجہتی اور ہمت وبہادری کا ایک تاریخ ساز دن بنا دیا۔ مسلم لیگ (ن) کے رابطہ آفس سے یوم دفاع کے موقع پر جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن قوم کیلئے ایک تاریخی دن ہے جب ہمارے مسلح افواج نے دشمن پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستانی قوم اور اس کے مسلح افواج اپنی آزادی کی حفاظت کرنا بخوبی جانتے ہیں اور وطن عزیز کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو ہمارے مسلح افواج اور پوری قوم نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے کر یہ ثابت کر دیا کہ وطن کے دفاع کے لئے عددی اکثریت کی نہیں بلکہ قومی یکجہتی، جذبہ قربانی اور حب الوطنی کے جذبے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کے دن مسلح افواج اور پاکستانی قوم کا جذبہ دیدنی تھا اور اسی جذبے کی بنیاد پر ہم نے تمام اندرونی اور بیرونی سازشوں کو شکست دے کر ملک کو ایک ناقابل تسخیر قوت بنا دیا ہے

بقیہ 16

اپنی بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور وطنِ عزیز کے شہداء و غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے فضا گونج اٹھی۔ ریلی کے شرکاء سے میر ایوب خان کھیتران نے کہا کہ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ہمارے جری غازیوں اور سرفروش شہداء کی لازوال داستانِ شجاعت کی یاد تازہ کرنے کا دن ہے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جا چکا ہے جنگ ستمبر کو 61 سال گزرنے کے باوجود اس کی یادیں آج بھی قومی تاریخ کا حصہ ہیں اور پاکستانی قوم ہر سال اس دن کو عقیدت و احترام سے مناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965 میں پاکستانی مسلح افواج اور قوم نے وطن عزیز کا دفاع کرتے ہوئے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا

بقیہ 17

صوبائی وزرا بخت کاکڑ، میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، میر ضیاء لانگو، رکن اسمبلی وسابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، رکن اسمبلی عبیداللہ بابت، بیئیرز ڈھنیش کمار اور دیگر نے اتوار کو یہاں رکن صوبائی اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد محترم حاجی جمعہ خان بادینی کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر نے حاجی جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 18

پشتون معاشرے میں جاری قبائلی تنازعات اور دشمنیوں کے خاتمے کے لیے اجتماعی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرغہ زکریا زئی میں عبدالہادی کاکڑ کے شہید بیٹے شمشاد خان کاکڑ کے تصفیے کے موقع پر منعقدہ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ فریقین کی جانب سے باہمی رضامندی اور جرگے کے ذریعے تنازع کا تصفیہ ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے۔ اگر قبائلی تنازعات کو اسی طرح بات چیت، جرگوں اور باہمی اتفاق رائے کے ذریعے حل کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے تو معاشرے میں امن، بھائی چارے اور استحکام کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی دشمنیاں صرف خاندانوں تک محدود نہیں رہتیں بلکہ پورے معاشرے کو متاثر کرتی ہیں۔ ایک تنازع کئی نسلوں تک جاری رہ سکتا ہے، جس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کے ساتھ ساتھ معاشرتی اور معاشی ترقی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس لیے پشتون مشران، سیاسی رہنماؤں اور قبائلی عمائدین کو اپنا کردار ادا کرتے ہوئے لوگوں کو دشمنیوں کے بجائے امن اور مفاہمت کی جانب لانا ہوگا۔

بقیہ 19

شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ 6 ستمبر ہمیں اپنے شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں، بے مثال جرات اور حب الوطنی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965 کی جنگ میں پاک فوج کے جوانوں نے جس بہادری، عزم اور قربانی کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری تاریخ کا روشن باب ہے۔ وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہمارے قومی ہیروز ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ پوری قوم اپنے شہداء، غازیوں اور ان کے خاندانوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ پاکستان کا دفاع صرف ہماری مسلح افواج کی ذمہ داری نہیں بلکہ ملک کے ہر شہری کی بھی ذمہ داری ہے۔ آج ہمیں ضرورت ہے کہ ہم قومی اتحاد، یکجہتی، نظم وضبط اور باہمی احترام کو فروغ دیں اور ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ متحد ہو کر کریں۔ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے بھی ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں اور وہ قومی یکجہتی، امن اور ترقی کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کر رہی ہیں

بقیہ 20

کے والد ملک فیض جان یوسفزئی کا شمار ہمارے اولین اور بلند ترین سیاسی رہنماؤں میں ہوتا ہے، جنہوں نے زندگی کی آخری سانسوں تک وطن اور اہلِ وطن کی خدمت کی۔ میر طاہر بزنجو نے کہا کہ ڈاکٹر عائشہ فیض کے خیالات سے کوئی بھی اختلاف کر سکتا ہے، تاہم ان کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج کر کے انہیں گرفتار کرنے کا کوئی سیاسی یا اخلاقی جواز نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عائشہ فیض کو فوری طور پر باعزت طریقے سے رہا کیا جائے۔

بقیہ 21

یوم دفاع محض ماضی کی ایک تاریخی جنگ کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے قومی اتحاد، ملکی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اپنی مسلح افواج، شہداء، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کے دفاع اور سلامتی کیلئے بیشمار قربانیاں دیں۔ موجودہ دور میں ملکی دفاع کا تصور صرف سرحدوں کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ قومی یکجہتی، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی، امن اور مضبوط ادارے بھی قومی سلامتی کے اہم ستون ہیں۔ پاکستان کی سربلندی اور قومی وقار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 22

کی عدم دستیابی سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر میر غفار جان جتوئی نے تحصیل سنی کے تعلیمی نظام کی موجودہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کا بنیادی دارومدار تعلیم پر ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے اگر ہمارے علاقوں میں سکول بند رہیں اور بچوں کو پڑھانے والے اساتذہ اپنی ڈیوٹی باقاعدگی سے سرانجام نہ دیں تو اس سے سب سے زیادہ نقصان غریب اور متوسط طبقے کے بچوں کو ہوگا تحصیل سنی ایک وسیع اور پسماندہ علاقہ ہے جہاں بہت سے بچے پہلے ہی تعلیمی سہولیات سے محروم ہیں۔ ایسے علاقوں میں موجود سرکاری سکولوں کو فعال رکھنا اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانا محکمہ تعلیم کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تحصیل سنی کے تمام سکولوں کا جامع سروے کرایا جائے اور معلوم کیا جائے کہ کون سے سکول فعال ہیں، کون سے بند ہیں اور کہاں اساتذہ کی کمی ہے انہوں نے کہا کہ صرف سکولوں کی عمارتیں تعمیر کرنا کافی نہیں بلکہ ان میں باقاعدہ تدریسی عمل، قابل اور حاضر اساتذہ، طلباء کیلئے ضروری سہولیات اور مؤثر نگرانی بھی ضروری ہے

بقیہ 23

1965 کی جنگ کے ان عظیم شہداء اور غازیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادرِ وطن کی جغرافیائی سلامتی اور خودمختاری کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو بھارت نے رات کے وقت پاکستان پر حملہ کر دیا۔ اس اچانک حملے کا افواج پاکستان کے جوانوں نے جرات اور بہادری سے جواب دیتے ہوئے دشمن کو پسپائی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا۔ پاک افواج کی مؤثر جوابی کارروائی نے اقوام عالم اور خصوصاً دشمن ملک بھارت پر واضح کر دیا کہ پاکستان کی فوج پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے لبریز فوج ہے، جو اپنے عوام کے دفاع اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم بحیثیت قوم پاکستان کی تعمیر وترقی اور قیام امن کیلئے جاری کوششوں میں سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

بقیہ 24

الوطنی، قومی یکجہتی اور ہمت وبہادری کا ایک تاریخ ساز دن بنایا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن قوم کیلئے ایک تاریخی دن ہے جب ہماری مسلح افواج نے دشمن پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستانی قوم اور اس کی مسلح افواج اپنی آزادی کی حفاظت کرنا بخوبی جانتی ہیں اور وطن عزیز کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو ہمارے مسلح افواج اور پوری قوم نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے کر یہ ثابت کر دیا کہ وطن کے دفاع کیلئے عددی اکثریت نہیں بلکہ قومی یکجہتی، جذبہ قربانی اور حب الوطنی کے جذبے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم وطن کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم ان اپنے شہیدوں اور غازیوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک کی تعمیر وترقی، خوشحالی، استحکام اور اس کی سرحدوں کے دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے اہلکاروں نے پاکستان سے دہشت گردی کے خاتمے، ملک کی سرحدوں کے دفاع اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

بقیہ 25

چھوڑ تا کہ بندی ہڑتال جاری ہے۔ جس کی وجہ سے وندر شہر میں 18 روز سے صفائی نہ ہونے کے باعث سڑتے ہوئے کچرے سے اٹھنے والے تعفن نے شہریوں کا جینا محال کر دیا۔ جس کے باعث شہر میں صفائی کا عمل مکمل طور پر رک گیا ہے اور گھروں و دکانوں سے نکلنے والا کچرا مختلف مقامات پر جمع ہوتا جا رہا ہے۔ کچرے کے ڈھیروں سے اٹھنے والی بدبو اور تعفن سے ماحول کو انتہائی ناگوار بنا دیا ہے جبکہ مکھیوں، مچھروں اور آوارہ جانوروں کی بہتات نے بھی شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ رہائشی علاقوں میں کچرے کے ڈھیر بچوں، خواتین اور بزرگوں کے لیے پریشانی کا باعث بن رہے ہیں جبکہ شہریوں کو خدشہ ہے کہ اگر صفائی کا سلسلہ مزید کئی روز تک معطل رہا تو صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کونسل ملازمین کے مطالبات اپنی جگہ، صفائی جیسی بنیادی شہری سہولت کی مسلسل بندش سے عام شہری متاثر ہو رہے ہیں۔ اس لیے متعلقہ حکام کو احتجاجی معاملے کا فوری حل نکالنے کے ساتھ ساتھ شہر میں صفائی کے لیے ہنگامی یا متبادل انتظامات بھی کرنے چاہئیں۔ واضح رہے کہ وندر شہر پہلے ہی مختلف مسائل سے دوچار ہے

بقیہ 26

بلڈ کیمپ کے انعقاد کا بنیادی مقصد دکھی انسانیت کی خدمت اور ضرورت مند مریضوں کے لیے خون کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ایک انسان کی جان بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خون کا عطیہ ایک عظیم انسانی خدمت اور صدقہ جاریہ ہے۔ کسی ضرورت مند انسان کی جان بچانے کے لیے خون عطیہ کرنا انسانیت سے محبت کا عملی اظہار ہے۔ ہندو ویلفیئر سوسائٹی اوتھل کا ڈونیشن شعبہ بلا تفریق رنگ، نسل اور ذات پات اپنی خدمات انجام دے رہا ہے اور سال بھر ضرورت مند افراد کے لیے خون کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ بلڈ کیمپ کے دوران ہندو ویلفیئر سوسائٹی اوتھل لسبیلہ کے چیئرمین مکن مل آرکموانی، وائس چیئرمین اندر لعل لیلانی، صدر مول چند لیلانی، نائب صدر پرکاش لعل راجپال، جنرل سیکرٹری اندرسین ہروانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سنیل راجپال، آفس سیکرٹری ڈھنیش کمار فوٹریا، فنانس سیکرٹری ہیرا لعل پنچوانی، پریس سیکرٹری کشور کمار ہیرانی سمیت اشوک کمار تیجانی، دھرمپال راجپال، موہجی مل راجپال، ام لعل، ٹھاکور مل، ارجن داس ہروانی، آسن داس فوٹریا، سندیپ اشوک، معیور جیٹھا، انوج لیلانی، پرکاش گن، کمار لعل رامچن داس، روی کمار، سنیل کمار نانکانی اور ہندو پنچایت اوتھل کے معززین نے شرکت کی۔ مقررین نے خون عطیہ کرنے والے تمام نوجوانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے دیگر افراد کو بھی انسانی خدمت کے اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔

بقیہ 27

اوتھل وسیم احمد خاتحیلی، چیئرمین جی ٹی اے لسبیلہ عبدالواحد سومرو، قاضی صفی اللہ رونجھو، محمد اکرم کھوسہ، گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے اساتذہ اور طلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاک فوج کے شہداء و غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مقررین نے 6 ستمبر کی تاریخی اہمیت، دفاع وطن کے لیے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں اور قومی یکجہتی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر ہمیں وطن عزیز کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ ہمیں اپنے قومی ہیروز کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتے ہوئے ملک کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب میں گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے طلبہ نے نعت مقبول ﷺ پیش کی جبکہ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موضوع پر تقاریر بھی کیں۔ طلبہ نے اپنی تقاریر کے ذریعے شہدا و غازیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور وطن سے محبت کے جذبات کا اظہار کیا تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی استحکام ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 28

کیا اور پوری دنیا نے دیکھا کہ افواج پاکستان کے جری سپوتوں نے بے مثال بہادری سے دشمن کو پسپا کیا۔ پاک وطن کے جوانوں نے اپنی لازوال قربانیوں سے ثابت کیا کہ قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں، تاریخ عالم پاک فوج کی بہادری کی لازوال داستانیں رقم کرنے میں کوئی دوسری مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے خصوصی پیغام میں وطن عزیز کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دفاع وطن کے لیے جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ دفاع وطن کے لئے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء ہماری آن، بان اور شان ہیں۔ آج پوری قوم شہدائے وطن اور ان کے خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں آج اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے

بقیہ 29

سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ دونوں نے خطے میں کشیدگی میں کمی، امن واستحکام کی بحالی سے متعلق کوششوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا جبکہ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے اسحاق ڈار کو جلد مصر کے دورے کی دعوت بھی دی۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے بھی ٹیلیفونک گفتگو کی اور علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیر جہتی فورمز پر باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی جبکہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر بھی بات چیت کی۔ اس کے علاوہ ٹیلیفونک گفتگو میں استنبول اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا جبکہ پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ نے قریبی روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ ۔۔۔۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ناروے کے وزیر خارجہ اسپین بارتھ ایدے سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور شاہ ناروے ہیرالڈ پنجم کے انتقال پر پاکستان کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے صدر، وزیراعظم، فیلڈ مارشل، اپنی جانب سے اور پاکستانی عوام کی طرف سے شاہی خاندان اور ناروے کے عوام سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ نائب وزیراعظم نے ناروے کے وزیر خارجہ کو آگاہ کیا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کو 9 ستمبر کو اوسلو میں ہونے والی شاہ ہیرالڈ پنجم کی آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کیلئے نامزد کیا ہے۔ شاہ ہیرالڈ پنجم کا انتقال 89 برس کی عمر میں ہوا تھا اور ان کی آخری رسومات 9 ستمبر کو اوسلو میں ہوں گی۔ اسحاق ڈار اور اسپین بارتھ ایدے نے دونوں ممالک کے درمیان قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 30

ہوئے کہا ہے کہ انہیں شہیدوں کے شہر لاڑکانہ آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو نے کہا کہ ہمیں آکر اختلاف برداشت، احترام اور مل جل کر رہنے کی سیاست کی طرف واپس آنا ہوگا، کیونکہ یہی کسی بھی جمہوریت کی بنیاد ہے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بھی چیئرمین پیپلزپارٹی سے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ شکریہ بلاول صاحب، جمہوریت کا یہی حسن ہے کہ سیاست اور اظہار رائے کی آزادی ہو، عدلیہ آزاد ہو، عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کیا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پارلیمنٹ خودمختار ہو، صحافت آزاد ہو، عوامی مینڈیٹ کے برعکس چور دروازوں کا استعمال بند کرنا ہوگا، انشاء اللہ اب میر پور خاص اور عمر کوٹ میں پورے پاکستان کو بانی پی ٹی آئی کے دیوانے نظر آئیں گے، کل حیدرآباد اور کراچی میں بھی عوامی سمندر ہوگا۔

بقیہ 31

غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے سعودی اور ترک ہم منصبوں سے گفتگو کے دوران خطے کی موجودہ صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ تینوں وزرائے خارجہ کے درمیان جاری سفارتی کوششوں اور علاقائی کشیدگی کے خاتمے کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ 32

صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات، انٹیلی جنس کوآرڈینیشن اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں نیکٹا اور بلوچستان حکومت کے درمیان تعاون، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافے اور دہشت گردی کے تدارک کے لیے باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے امور بھی زیر غور آئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں میجر جنرل فیصل نصیر کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 33

کے افسران اور جوانوں نے کہا کہ پاک فوج کا ہر جوان وطن کا محافظ ہے اور ہم اس کی بقا وسلامتی کے امین ہیں، ہم اس سرزمین کی سرحدوں کے امین ہیں اور اس کے حال اور مستقبل کے خیر خواہ ہیں۔ فوجی افسران اور جوانوں نے بتایا کہ تاریخ گواہ ہے جب بھی دشمن سامنے آیا تو پاک افواج نے سینہ سپر ہو کر پاکستان کی حفاظت کو مقدم رکھا، وطن سے عشق میں پاک فوج نے ہر ذمہ داری نبھائی اور پاکستانی ہونے پر ہمیشہ دل سے فخر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج اور عوام اس دھرتی کے خوابوں اور قوم کی امیدوں کو متحد ہو کر آگے بڑھائیں گے، یوم دفاع کے موقع پر وطن کے محافظوں نے محنت اور اتحاد سے پاکستان کو منزل مقصود تک پہنچانے کا عزم بھی کیا۔

بقیہ 34

کیولاونڈی میں تقریب ہوئی، جس میں پاک فوج کے چاق وچوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی پیش کی۔ ایڈجوٹنٹ جنرل نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھول رکھے، ساتھ ہی شہدا کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات کر کے اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ 35

کمیٹی نے وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کے انتظامی ڈھانچے سے متعلق مجوزہ ڈرافٹ وزیراعظم کو پیش کر دیا جس میں اسلام آباد کو صوبائی طرز کی انتظامی اور مالی خودمختاری دینے، منتخب اسمبلی اور اپنے چیف ایگزیکٹو کے قیام کی سفارش کی گئی ہے۔ مجوزہ ڈرافٹ کے مطابق 27 رکنی اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی قائم کرنے کی تجویز ہے، جس میں 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب ہوں گے، جبکہ خواتین کے لیے 5 اور اقلیتوں کے لیے ایک مخصوص نشست رکھی جائے گی۔ اسمبلی کے انتخابات الیکشن کمیشن آف پاکستان کے تحت کرانے کی سفارش کی گئی ہے جبکہ ارکان پر آئین کے آرٹیکل 62 اور 63 کا اطلاق ہوگا۔ ڈرافٹ میں اسلام آباد کے لیے منتخب چیف ایگزیکٹو مقرر کرنے کی تجویز بھی شامل ہے، جو میئر یا وزیر اعلیٰ کہلائے گا اور منتخب اسمبلی کے سامنے جواب دہ ہوگا۔ دارالحکومت کے انتظامی امور چلانے کے لیے چیف سیکرٹری اور چار سیکرٹریز تعینات کرنے کی تجویز ہے جبکہ حکومت کے تحت 27 انتظامی محکمے قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ صحت، تعلیم، ماحولیات اور شہری سہولیات سمیت متعدد شعبے منتخب اسلام آباد حکومت کے دائرہ اختیار میں دینے کی تجویز ہے، جبکہ قانون وامن اور ماسٹر پلاننگ کے معاملات وفاق کے پاس رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔ سی ڈی اے کے تمام اختیارات اور فرائض بھی اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری حکومت کو منتقل کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ مجوزہ نظام کے تحت لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت کام کرنے والے دیگر اداروں کے فرائض بھی اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری حکومت کو منتقل کرنے کی سفارش کی گئی ہے

بقیہ 36

بحث جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلیوں اور کابینہ کی سطح پر بھی اس حوالے سے کوئی باضابطہ رائے سامنے نہیں آئی لہذا جب تک متعلقہ آئینی فورم پر معاملہ نہیں آتا یہ تمام باتیں محض بحث برائے بحث ہی رہیں گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اوپن ڈسکشن کے بعد اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا اور پھر آئین وقانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی جانب سے سندھ اسمبلی میں صوبوں کے معاملے پر کی جانے والی تقاریر کو قبل از وقت قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب تک کوئی ٹھوس اور باقاعدہ تجویز سامنے نہیں آتی ایسی تقاریر کی ضرورت نہیں، سوائے اس کے کہ میڈیا میں بحث کو ہوا دی جائے۔ وفاقی مشیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نئے صوبوں کے معاملے پر اس وقت اپنا حتمی موقف دے گی جب کوئی تجویز سولڈ فارم میں سامنے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ احسن اقبال کا صوبوں کے حوالے سے بیان ان کی ذاتی رائے ہے مسلم لیگ (ن) نے بطور جماعت ابھی تک اس معاملے پر کوئی باضابطہ فیصلہ یا موقف اختیار نہیں کیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے سرائیکی صوبے کی بات کرنا اب تقریباً چھوڑ دیا ہے اور اس وقت ان کی توجہ سندھ کی تقسیم نہ ہونے کے معاملے پر مرکوز ہے، ان کے بقول سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کی تقاریر سیاسی مقاصد، عوامی اضطراب کم کرنے اور جذباتی وابستگی حاصل کرنے کے لیے کی گئیں

بقیہ 37

جو نچلی سطح تک بھی پہنچ چکے ہیں، تاہم ان کا کہنا ہے کہ پارٹی انتخابات ہی ان اختلافات کے خاتمے اور جماعت کو مضبوط بنانے کا واحد راستہ ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پارٹی کے اندر اختلافات ختم کرنے کی بہت کوشش کی گئی، تاہم ممکن ہے اس کوشش میں کوئی کمی رہ گئی ہو۔ ان کے مطابق پارٹی انتخابات اکتوبر میں ہوں گے اور کارکنان جسے کامیاب اور جسے ناکام قرار دیں، سب کو اس فیصلے کو قبول کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کے معاملے پر ایم کیو ایم پاکستان میں کوئی اختلاف نہیں اور پیپلز پارٹی کی خراب حکمرانی کے حوالے سے بھی جماعت میں کوئی کنفیوژن نہیں۔ پیپلز پارٹی کو ایم کیو ایم پاکستان کے اندرونی معاملات کے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر مجوزہ آئینی ترمیم منظور کر لی جاتی تو آج گلی کوچوں میں اختیارات اور وسائل موجود ہوتے۔ 28 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ یہ کسی ایک جماعت کی فتح یا شکست کا معاملہ نہیں بلکہ ملک کی بقا یا ناکامی سے متعلق ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کا قیام اب صرف ایم کیو ایم کی خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ بن چکا ہے۔ ان کے بقول ریاست کے تمام ستون یہ سمجھ چکے ہیں کہ ملک کو موجودہ نظام کے ساتھ مزید نہیں چلایا جا سکتا۔

بقیہ 38

چاہتا ہے۔ روسی سرکاری ٹی وی کو انٹرویو میں سرگئی لاوروف نے جرمنی کے حالیہ اقدامات پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ مجموعی طور پر یہ ایک حقیقی جنگ کی شروعات ہے۔ روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ جرمنی نے بون سے روسی قونصلیٹ جنرل نکال دیا اور برلن میں قائم روسی ہاؤس ثقافتی مرکز کو بھی بند کیا جا رہا ہے۔ لاوروف نے موجودہ صورتحال کی دوسری جنگ عظیم سے قبل کے حالات سے موازنہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ جرمنی ایک بار پھر جنگ کا خواہاں ہے۔ روسی وزیر خارجہ نے جرمنی پر نازِزم کا الزام بھی عائد کیا اور کہا کہ روسی قیادت موجودہ صورتحال سے مناسب نتائج اخذ کرے گی۔

بقیہ 39

ہیں اگر 18 ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو مکمل اختیارات دیے جاتے تو اس سے عوام کی خوشحالی کی راہیں کھل جاتی ملک میں بے روزگاری، عوام کی زبوں حالی کو نظرانداز کر کے صرف اختیارات کے حصول کی جنگ مزید معاشی تباہی لائے گی۔ یہاں قاری مسعود طارق کی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت العلماء اسلام کا منشور اقتدار عوام کی جان ومال کے تحفظ اور معاشرے کی بہتری ہے دین اسلام سے بڑھ کر انسانی حقوق کا محافظ کوئی نہیں ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو چاہیے کہ جس آئین کا آپ نے حلف اٹھایا اسکی پاسداری کریں جمہوریت پر قدغنیں لگانے شروع ہو گئے ہیں۔ ناموس رسالت کے قانون کو واپس لینے کی سازش کرنے والے یہودیوں کے ایجنٹ ہیں ملک کی معاشی بربادی کی ذمہ دار بیوروکریسی، جاگیردارانہ نظام اور سیاستدان ہیں اب حکمرانوں نے خود تباہی کا اعتراف کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ حکمرانی کے اہل نہیں ہیں۔ پاکستان کے دو صوبے دہشت گردی میں جل رہے ہیں جہاں عام آدمی رات کو گھر سے نہیں نکل سکتا۔ نوکریاں رشوت لے کر دی جاتی ہیں ملک کو معاشی طور پر دنیا کا غلام بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بنانے کی بات کو اندر سے جانتے ہیں پہلے صوبے بنانے کے حامی آپ نئے صوبوں کے نام پر آگ بگولا کیوں ہے انہوں نے حکمرانوں کو انتباہ کیا کہ پہلے ملک کو ٹھیک کرو معدنی وسائل صوبوں کی ملکیت ہیں اس حق کو تسلیم نہیں کیا جا رہا ہے تسلیم کرنا ہوگا اگر صوبوں کے حقوق مان لیے جائیں تو بار بار الیکشن چوری کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بقیہ 40

درآمد کی گئی چینی کے باقی ماندہ ذخیرے کو عالمی منڈی میں فروخت کرنے کیلئے ٹینڈر جاری کر دیا۔ ٹی سی پی کی جانب سے درآمد شدہ سفید ریفائنڈ چینی کی بین الاقوامی مارکیٹ میں فروخت کیلئے آن لائن بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ ٹینڈر کے مطابق مجموعی طور پر ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن چینی فروخت کیلئے پیش کی جائے گی، جو کراچی کے پری گودام میں موجود ہے۔ ٹی سی پی کے مطابق چینی کو پری گودام سے موجودہ حالت میں عالمی منڈی کیلئے فروخت کیا جائے گا جبکہ موصول ہونے والی تمام بولیاں 28 ستمبر کو کھولی جائیں گی۔ یہ فیصلہ اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کی جانب سے گزشتہ ماہ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی کو 2025 میں درآمد کی گئی تقریباً ایک لاکھ 8 ہزار میٹرک ٹن چینی عالمی منڈی میں فروخت کرنے کی اجازت دیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔

بقیہ 41

ہے، یہ دن ہمیں شہداء اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، پوری قوم شہداء اور غازیوں کو سلام اور خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ 1965ء میں پاکستانی قوم نے اتحاد، عزم اور جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے عزائم ناکام بنائے، شہداء کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کے خون کا تقاضا ہے کہ پاکستان کو مزید مضبوط، خوشحال اور مستحکم بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قومی اتحاد اور یکجہتی ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے اور ملک کے دفاع وسلامتی کے لیے قوم کا متحد رہنا ناگزیر ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور ہمیشہ خطے میں امن واستحکام کا خواہاں رہا ہے، تاہم دفاع وطن کے معاملے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 42

ساتھ دے۔ عوام ترقی، خوشحالی، امن اور انصاف کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ حکومت، اختیار اور قومی خزانہ ہمارے حوالے کیا جائے ہم ثابت کریں گے کہ کوئی فرد بے روزگار نہیں رہے گا، بدامنی، بے روزگاری اور بدعنوانی کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام قوم پرست، مذہب پرست، قومی ومقامی سیاسی جماعتوں کو چیلنج کرتا ہوں کہ جماعت اسلامی کی طرح نوجوانوں کو ہنر اور تعلیم فراہم کر کے دکھائیں، یتیموں کی کفالت کر کے دکھائیں، معیاری ہسپتال اور کامیاب تعلیمی ادارے قائم کر کے دکھائیں۔ عوام نے ووٹ کے ذریعے جماعت اسلامی پر اعتماد کیا تو ہم بلوچستان میں مزید عوامی اور انقلابی تبدیلی لائیں گے۔ ہم سیاست اور اقتدار کے حصول کے بجائے عوام کی خدمت، تعلیم، صحت، روزگار اور خوشحالی کا ذریعہ بنانا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد میں الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے نوقابل سرٹیفکیٹس ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 43

نے دستاویزات طلب کیں تو وہ وہاں سے روانہ ہو کر واپس لاہور آ گئے، جہاں انہیں دوست کے گھر سے حراست میں لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حماد اظہر کو نومئی کے جی او آر گیٹ حملہ کیس میں مطلوب قرار دیا گیا تھا، انسدادِ دہشت گردی عدالت حماد اظہر کو اشتہاری قرار دے چکی ہے جبکہ عدالت کی جانب سے ان کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے جا چکے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حماد اظہر کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے، رہنما پی ٹی آئی حماد اظہر نے لاہور اور پشاور ہائی کورٹس سے حفاظتی ضمانت کے لیے بھی رجوع کر رکھا ہے، مقدمات کے اندراج کے بعد حماد اظہر نے پارٹی عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا جبکہ پی ٹی آئی نے انہیں پنجاب کے صدر کی ذمہ داری سونپ رکھی تھی۔ ۔۔۔۔ پاکستان تحریک انصاف نے سابق وفاقی وزیر اور سابق رکن قومی اسمبلی حماد اظہر کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی انتقام، ریاستی جبر اور فسطائی ہتھکنڈوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں پی ٹی آئی نے کہا کہ حماد اظہر کو سیاسی بنیادوں پر مسلسل انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ حکومت سیاسی مخالفین کو دبانے اور تحریک انصاف کی آواز خاموش کرنے کے لیے ریاستی طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہی ہے۔ حماد اظہر ایک سابق وفاقی وزیر ہیں، ان کے خلاف اگر کوئی مقدمہ ہے تو انہیں قانون کے مطابق عدالت کے سامنے پیش کیا جائے

بقیہ 44

باعث شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند ہو گئیں، زرعی اراضی، فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچا بجلی کی فراہمی بھی متاثر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق شدید بارش کے بعد آنے والے اچانک سیلاب نے غذر کے مختلف علاقوں میں گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچایا، تو بہار گاؤں میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچاتے ہوئے کش کش جماعت خانہ کو بھی نقصان پہنچایا جبکہ فصلیں، پھل دار درخت اور زرعی اراضی بھی تباہ ہو گئی۔ مختلف علاقوں میں سیلاب کے باعث امیت سے برجنگل جانے والی سڑک بند ہو گئی، راستے میں بجلی کی ترسیلی لائنوں کو بھی نقصان پہنچا۔ سڑک کی بندش کے باعث مقامی آبادی کا دیگر علاقوں سے رابطہ منقطع ہو گیا۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ سڑک کو ٹریفک کے لیے بحال کیا جائے اور سیلاب سے متاثرین کو فوری امداد فراہم کرتے ہوئے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ کے باعث سوست سے خنجراب ٹاپ تک شاہراہ قراقرم مکمل طور پر بند ہو گئی

بقیہ 45

فورسز کی فائرنگ کو فضائی خطرہ سمجھتے ہوئے بوکھلاہٹ میں انٹرسیپٹر میزائل داغ دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعتراف ترجمان اسرائیلی فوج کے بیان میں کیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ غزہ کی سرحد کے اوپر ایک مشتبہ فضائی ہدف کی نشاندہی کے بعد دفاعی نظام کو فعال کر دیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ تاہم بعد میں معلوم ہوا کہ جس چیز کو فضائی ہدف سمجھا گیا تھا وہ دراصل غزہ کے اندر موجود اسرائیلی فوجیوں کی فائرنگ تھی۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ واقعے میں کوئی شخص زخمی نہیں ہوا تاہم غلط شناخت اور میزائل فائر ہونے کے واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے بقول فضائی نگرانی کے نظام نے غزہ کے علاقے سے آنے والے ایک مشتبہ سگنل یا ہدف کی نشاندہی کی اور ایسا پہلی بار ہوا کہ نشاندہی غلط ثابت ہوئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ٹیکنیکل غلطی ہو سکتی ہے اور کوئی اور وجہ ہو سکتی ہے جس کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 46

جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، یہ کارروائی اسرائیلی اہلکاروں پر دو ڈرون حملوں کے جواب میں کی گئی۔ لبنانی وزارت صحت کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں دو افراد جنوبی لبنان کے علاقے نباتیہ الفوقہ میں جبکہ دو خواتین عرب سلیم کے قریب جان کی بازی ہار گئیں۔ وزارت نے بتایا کہ زخمیوں میں متعدد خواتین اور تین بچے بھی شامل ہیں۔ اس سے قبل اسرائیلی فوج نے عرب سلیم میں ایک عمارت کے اطراف رہنے والے شہریوں کو علاقہ خالی کرنے کی وارننگ دی تھی کہ حزب اللہ اس عمارت کو استعمال کر رہا ہے اور اسے نشانہ بنایا جائے گا۔ لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے انتباہ میں ذکر کی گئی عمارت کے بجائے ایک دوسرے گھر کو نشانہ بنایا اور تباہ کر دیا، جس کے نتیجے میں دو خواتین جاں بحق ہوئیں، بعد میں اس عمارت کو بھی حملہ کیا گیا جسے خالی کرنے کی وارننگ دی گئی تھی

بقیہ 47

تعداد 25 ہو گئی جو پاکستان میں دراندازی کی کوشش کر رہے تھے۔ شمالی وزیرستان میں ایک اور جھڑپ کے دوران پاک افغان سرحد کے ساتھ خوارج کے ایک اور گروہ کی نقل وحرکت کا سراغ سیکیورٹی فورسز نے لگا لیا، اپنے جوانوں نے خوارج کے اس گروہ کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا جس سے 7 خوارج جہنم واصل ہو گئے۔ کوہاٹ اور ڈیرہ اسماعیل خان میں دو مختلف جھڑپوں کے دوران مزید 4 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک افغان سرحد کے ساتھ پیش آنے والے یہ مسلسل واقعات ایک مرتبہ پھر پاکستان کے اس مؤقف کی تائید کرتے ہیں کہ افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو سرحد پار دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کے استعمال سے روکنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے، افغان طالبان حکومت مؤثر سرحدی انتظام یقینی بنانے اور اپنی بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مسلسل ناکام رہی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے اپنے عزم پر ثابت قدم اور غیر متزلزل ہیں، علاقے میں موجود دیگر بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کے لیے علاقے کو کلیئر کرنے کی کارروائیاں جاری ہیں۔ وفاقی اپیکس کمیٹی برائے قومی ایکشن پلان کے منظور کردہ وژن عزم استحکام کے تحت پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔

بقیہ 48

ہوئے کہا ہے کہ غزہ، مغربی کنارے سمیت مقبوضہ بیت المقدس پر مشتمل فلسطینی سرزمین کا اتحاد برقرار رکھا جائے۔ مشترکہ اعلامیہ پاکستان، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔ آٹھ ممالک کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بیدخل کرنے کے منصوبے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں، فلسطینیوں کی جبری بیدخلی کی کسی بھی کوشش یا منصوبے کو مسترد کرتے ہیں۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں

بقیہ 49

کی تیاریاں تیز کر دیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نقشہ وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ اعلیٰ سطح کی خصوصی کمیٹی نے وزیراعظم کو پیش کیا۔ مجوزہ ڈرافٹ میں اسلام آباد کی 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسلام آباد کی اپنی اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے ہوں گے۔ اسمبلی کے 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز ہے، قومی اسمبلی کے ہر حلقے سے اسلام آباد اسمبلی کی 7 نشستیں رکھنے کی تجویز ہے۔ خواتین کے لیے 5 اور اقلیتوں کے لیے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسلام آباد کے چیف ایگزیکٹو کیلئے وزیراعلیٰ یا میئر کا عہدہ رکھنے کی تجویز ہے، شہر کے 27 انتظامی محکمے اسلام آباد حکومت کے ماتحت رکھنے کی تجویز ہے۔ صحت، تعلیم، ماحولیات اور شہری سہولیات مقامی حکومت کی ذمہ داری ہوگی، قانون، امن اور ماسٹر پلاننگ کے شعبے وفاق کے پاس ہی رکھنے کی تجویز ہے۔ سی ڈی اے سمیت مختلف اداروں کے اختیارات کی بھی دوبارہ تعین کی تیاریاں جاری ہیں۔ مجوزہ ڈرافٹ کے مطابق اسلام آباد اسمبلی کے انتخابات کرانے کی ذمہ داری الیکشن کمیشن کی ہوگی، امن وامان اور ماسٹر پلاننگ کے معاملات وفاق وزارت داخلہ کے ذریعے چلائے گا، اسلام آباد اسمبلی کو صوبائی طرز کے انتظامی اور مالی خودمختاری ہوگی۔ سی ڈی اے کے تمام اختیارات اور فرائض اسلام آباد مقامی حکومت کو منتقل کرنے کی سفارش کی گئی ہے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت کام کرنے والے دیگر ادارے بھی مقامی حکومت کو منتقل کرنے کی تجویز ہے۔ اسلام آباد مقامی حکومت اپنے امور چلانے کے لیے قواعد خود مرتب کرے گی۔ اسلام آباد کے انتظامی امور چلانے کے لیے چیف سیکرٹری اور 4 سیکرٹریز تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے، چاروں سیکرٹریز کو مختلف انتظامی گروپس اور محکموں کی ذمہ داری دینے کی تجویز ہے

بقیہ 50

کہا کہ بھارتی اقدام ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے کہا کہ اتر پردیش کے علاقے سہارنپور میں صدیوں پرانی مسجد کا انہدام قابل مذمت ہے۔ سجاد حیدر نے کہا کہ تاریخی عبادت گاہ کا انہدام اسلامی ورثہ مٹانے کی وسیع تر ہندوتوا مہم کا ایک اور ثبوت ہے، اس متعصب نظریے کی بھیانک علامت 1992 میں بابری مسجد کا انہدام ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مطالبہ کیا کہ عالمی برادری بھارتی مسلمانوں پر ظلم وستم اور سرکاری سرپرستی میں عبادت گاہوں کی تباہی کا نوٹس لے اور بھارت کو تمام اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کیخلاف ایسی کارروائیوں پر جوابدہ ٹھہرایا جائے۔

بقیہ 51

کی۔ ملاقات میں اسپیکر سینیٹر سلمان غنی، سہیل وڑائچ، منصور علی خان اور دیگر بھی موجود تھے، اس موقع پر ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ صوبوں کا معاملہ اصل میں این ایف سی کا معاملہ ہے، آئین کہتا ہے کہ این ایف سی میں اضافہ ہو سکتا ہے، کمی نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جب گھر میں آگ لگی ہو تو اس وقت تقسیم کی بات نہیں ہونی چاہیے، ملک میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ تین صوبوں سے حکومت کی رٹ ختم ہو چکی ہے جبکہ وفاق صوبوں کی معدنیات پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ پی ٹی آئی کے ساتھ اتحاد سے متعلق مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ یہ اتحاد ابھی پارلیمانی نوعیت کا ہے، اسے سیاسی اتحاد نہیں کہا جا سکتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ اتحاد فی الحال صرف پارلیمان کی حد تک ہے، گرانڈ لیول پر کوئی سیاسی اتحاد نہیں۔

بقیہ 52

ذمہ داری کا تقاضا کرتی ہے۔ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ جنہوں نے وطن کے تحفظ کے لیے اپنا آج قربان کیا، ان کی جدوجہد ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ کل کی ضمانت ہے۔ وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کی جانب سے جاری پیغام میں رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری کا تقاضا ہے کہ ہم دفاع کے ساتھ غذائی ضروریات میں بھی اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں، ملکی سلامتی اور غذائی تحفظ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے قومی مفادات ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کسان، سائنسدان، محنت کش اور محافظ وطن سب پاکستان کی مضبوطی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں اپنی قومی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر پاکستان کو مزید مضبوط بنانے کا پیغام دیتا ہے

بقیہ 53

یادگار دن ہے، انہوں نے کہا کہ 1965ء میں پاک افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا کر یہ ثابت کیا کہ پاکستانی قوم اپنے وطن کے دفاع کے لیے متحد اور ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہے۔ شہداء اور غازیوں نے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے جو عظیم قربانیاں دی ہیں، پوری قوم انہیں سلام پیش کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قومی اتحاد، یکجہتی اور باہمی اتفاق ہی ملک کو مضبوط اور مستحکم بنانے کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے بھی ہمیشہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے قربانیاں دی ہیں اور ہم ملک کی دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے کہ وطن کے دفاع اور امن واستحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہمارے قومی ہیرو ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

بقیہ 54

قومیں اپنے شہداء اور ہیروز کو کبھی نہیں بھولتیں۔ انہوں نے کہا کہ فوج اور عوام کا رشتہ قومی اتحاد کا ناقابل فراموش باب ہے، شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، ان کی قربانی وطن کی ضمانت ہے، ملکی دفاع کے لیے جان دینے والے شہدا کی قربانی کبھی فراموش نہیں کی جا سکتی۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ قوم، حکومت اور افواج جب متحد ہوں تو فتح یقینی ہوتی ہے، پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی ساتھ دیتا رہے گا، پڑوسیوں سے امن چاہتے ہیں، مگر وطن کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ قائد اعظم کے اصول اور شہید بھٹو کے وژن پر چلیں تو پاکستان مضبوط رہے گا۔

بقیہ 55

کے حوالے سے کیا ہو سکتا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دنیا بھر میں یورپ، برطانیہ ہر جگہ اس طرح کا نظام موجود ہے، چاہتے ہیں مقامی سطح پر لیڈر شپ آئے، خواہش ہے بہت سارے صادق خان، بہت سے ممدانی اور بہت سے اردوان آئیں۔

بقیہ 56

زیادہ ہو سکتا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا کہ اگر امریکا ایران کو ایک ڈالر کا معاشی نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے تو اسے خود کئی ڈالر کے اخراجات اور نقصانات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ خبریں حسین محبی نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمجھتے ہیں کہ فوجی طاقت کے ذریعے ایران کو اپنے مطالبات ماننے پر مجبور کیا جا سکتا ہے، تاہم حالیہ واقعات نے اس سوچ کو غلط ثابت کیا ہے۔

بقیہ 57

کے دوران ڈرون حملے میں رضوان اللہ شہید ہوئے تھے۔ اتوار کے روز ان کی نماز جنازہ آبائی علاقے سرائے نورنگ میں مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، ڈیرہ اسماعیل خان کی نواحی تحصیل درابن میں پولیس پر 37 گھنٹوں میں ہونے والے تین بڑے حملے ناکام بنا دیے گئے

بقیہ 58

وطن عزیز کی آزادی کے دفاع کی خاطر اپنی جان کے نذرانے پیش کیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اگر اندرونی سلامتی کا محاذ کمزور ہو جائے تو ان ملکوں کا جغرافیہ بدل جاتا ہے۔ یوم دفاع ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ملک کا دفاع قوم کے جذبوں کے بغیر ادھورا رہتا ہے۔ میں دفاع وطن کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہدا کے جذبات کو سلام پیش کرتا ہوں۔ شہید نہ صرف اپنی جان کی قربانی دیتا ہے بلکہ وہ اپنے خاندان کی خوشیوں کو دفاع وطن پر لٹاتا ہے۔ آج کے دن ہم دفاع وطن کے شہدا کے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ آج کی جنگ روایتی جنگوں سے بہت مختلف ہے۔ آج کی جنگ اسلحہ کی بجائے معیشت اور ماڈرن ٹیکنالوجی کے میدان میں لڑی جا رہی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ آج کے آلات حرب میں سائبر سیکورٹی، اے۔ آئی، کوانٹم کمپیوٹنگ سمیت اسپیس ٹیکنالوجی بھی شامل ہے۔ مئی 2025 میں دشمن نے غلط اندازہ لگاتے ہوئے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کیا تو دنیا نے دیکھا کہ اس کا جواب پاکستان نے ایسے دیا کہ ہندوستان گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گیا

بقیہ 59

کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ نئے ٹینڈر کے تحت 12 سے 16 ستمبر کے دوران ایل این جی کارگو کی فراہمی کیلئے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ ٹینڈر میں دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں کو اپنی بولیاں جمع کرانے کیلئے 8 ستمبر تک کی مہلت دی گئی ہے، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی اسی روز کھولی جائیں گی

بقیہ 60

دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے بیان پر تنقید کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے عالمی موقف کو نقصان پہنچا، صوبوں کے خلاف متعصبانہ رویہ پاکستان کو تقسیم کرنے کی سوچ کا عکاس ہے۔ سہیل آفریدی کو جواب دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ دوسروں پر بیان بازی سے آپ اپنی کارکردگی کی کمزوریاں نہیں چھپا سکتے، پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے پر کام ہو رہا ہے۔

بقیہ 61

خانہ کے غیر متزلزل عزم کو سلام پیش کرتے ہیں، ان کی قربانیاں وہ مقدس امانت ہے جس کی بنیاد پر پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی قائم ہے، پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم امن کے لیے ہمارا عزم کسی صورت ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ 1965 کے معرکوں سے لے کر معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی تک، ہماری مسلح افواج نے ثابت کیا ہے کہ 6 ستمبر کا جذبہ آج بھی پوری طرح زندہ اور ناقابل شکست ہے، پوری قوم پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے بہادر سپوتوں اور بیٹیوں کے ساتھ فخر کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے

بقیہ 62

متاثرہ نیپال کے امدادی وبحالی کے اقدامات میں معاونت کے لیے 100 ٹن انسانی امداد نیپال بھیج دی گئی۔ قومی ادارہ برائے قدرتی آفات (این ڈی ایم اے) کے تعاون سے تیار کی گئی امدادی کھیپ چارٹرڈ طیارے کے ذریعے اسلام آباد سے کھٹمنڈو بھیجی گئی۔ اتوار کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق امدادی سامان میں متاثرہ علاقوں کے لوگوں کے لیے خیمے، کمبل، چٹائیاں، حفظان صحت کی کٹس اور ادویات شامل ہیں۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر امدادی سامان روانہ کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

بقیہ 63

کرنے والے شہداء کو پوری قوم خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاک فوج کے بہادر جوانوں نے دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنائے۔ دفاع پاکستان میں سندھ کے بہادر سپوتوں کے کردار قومی تاریخ کا روشن باب ہے، سندھ کی دھرتی نے ہمیشہ پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنے بیٹوں کو قربان کیا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ ہمارے شہداء نے وطن کی سرحدوں کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے، ان کی بہادری اور قربانیاں پاکستان کے لیے باعث فخر ہیں۔ سندھ کے لوگوں نے ہر مشکل گھڑی میں پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ کی بندرگاہیں اور ساحلی پٹی پاکستان کے دفاع میں انتہائی اہمیت رکھتی ہیں، جبکہ پاکستان نیوی کے بہادر جوانوں نے سمندری محاذ پر بھی دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ دفاع وطن صرف سرحدوں کے دفاع کا نام نہیں بلکہ پاکستان کی وحدت، امن اور قومی یکجہتی کا تحفظ بھی اس کا اہم حصہ ہے

بقیہ 64

مدفین غزہ شہر کے مشرق میں واقع زیتون محلے میں کی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق بمباری کے شکار علاقوں میں ملبوں سے اب تک تقریباً 800 سے 900 لاشیں نکالی جا چکی ہیں، محکمہ شہری دفاع کے مطابق غزہ پٹی میں 9000 کے قریب فلسطینیوں کی لاشیں تاحال ملبوں تلے دبی ہیں۔

بقیہ 65

مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو اتوار کو بھی کوئٹہ سے روانہ نہیں ہوئی جبکہ پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روکنے کا بتایا گیا ریلوے حکام کے مطابق ٹرین سروس ٹریک کی مرمت کے باعث عارضی طور پر بند کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق بلوچستان میں ٹرین سروس (آج) پیر 7 ستمبر سے معمول کے مطابق بحال کر دی جائے گی۔

بقیہ 66

تحریک میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کے باہر پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری دھرنے کے بائیسویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر لاہور ضیاء الدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ شہباز حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں عوام سے چار ہزار ارب اکٹھے کیے ہیں تاہم جس مقصد کے لیے لیوی اکٹھی کی جاتی ہے اس مقصد کے حصول کی بجائے ریونیو اہداف کے حصول کے لیے استعمال ہو رہی ہے، اور ریونیو اکٹھا کرنے کا ہدف آئی ایم ایف کو دیا گیا ہے جو پورا نہیں ہو رہا، پورا ادارہ کرپشن میں ملوث ہے اور اس کے پچیس ملازمین کا بوجھ بھی عوام برداشت کر رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ مذاکرات میں حکومت کو بتائیں گے کہ کس طرح لیوی کو کم کیا جا سکتا ہے۔ حکومت سب سے پہلے سود کو تین فیصد کم کرے اس سے حکومتی خزانہ کو ڈیڑھ ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، مہنگائی کم کرنے کے لیے حکومت اسٹیٹ بینک کے ریزروز کو پانچ سے پندرہ فیصد بڑھا دے، بجٹ کا آٹھ ہزار ارب بینکوں کو سود کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے، ریزروز بڑھا کر اور سود کی شرح کم کر کے اربوں روپے بچ سکتے ہیں، حکمران آئی پی پیز کو کیپیسٹی پے منٹ دو ہزار ارب سالانہ کے قریب ادا کر رہی ہے یہ بند کرے، ملک میں اضافی بجلی ہونے کے باوجود لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور آئی پی پیز کو بجلی نہ بنانے کی مد میں ہزاروں ارب ادا کیے جاتے ہیں۔ ہمارے مطالبات واضح ہیں کہ پٹرولیم لیوی اور آئی پی پیز معاہدے ختم کیے جائیں۔ دھرنے ساتھ چلیں گے، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو اگلا مرحلہ پہیہ جام کا ہے اور اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ بھی ہو سکتا ہے۔ ثابت قدمی سے دھرنے دینے پر جماعت اسلامی کے کارکنان اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جماعت اسلامی کا احتجاج کسی ذاتی نہیں عوام کے مفاد کے لیے ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ بھارت میں حریت رہنما یٰسین ملک کے ساتھ انتہائی ظالمانہ اور غیر انسانی سلوک ہو رہا ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایم پی اے میر غلام دستگیر بادینی کے والد حاجی میر جمعہ خان بادینی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

یومِ دفاع وشہداء کے موقع پر کوئٹہ میں پروقار مرکزی تقریب کا انعقاد

گورنر، وزیراعلیٰ، کور کمانڈر بلوچستان سمیت دیگر اعلیٰ سول وعسکری حکام کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) یوم دفاع وشہداء کے موقع پر کوئٹہ میں پروقار مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

بلوچستانی عوام نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

فیلڈ مارشل کا دورہ بلوچستان امن، استحکام اور ترقی کے عزم کا اظہار ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورج کوئٹہ کو بلوچستان کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سینیٹر محمد عبدالقادر صوبائی وزراء بخت کاکڑ، میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، میر ضیاء لانگو رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی ودیگر رکن اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پشتونوں کو مستقبل کے حالات پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا، اے این پی

پشتونوں کو مستقبل کے حالات پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا، جرگوں اور باہمی اتفاقِ رائے سے دشمنیوں کا خاتمہ ممکن ہیں

قبائلی دشمنیاں صرف خاندانوں تک محدود نہیں رہتیں بلکہ پورے معاشرے کو متاثر کرتی ہیں، صوبائی صدر اے این پی

مرغہ زکریازئی (یواین اے) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پشتونوں کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا کہ مستقبل کے حالات کس سمت جا رہے ہیں، کیونکہ حالات خود بخود بہتر ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہونے کا خدشہ ہے۔ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر کو سوونیئر پیش کر رہے ہیں

ہمارے وطن کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، ولی محمد نورزئی

یوم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج بھارت کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی

ہم سب مل کر پاکستان کے استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور وطن کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ یکجہتی کے ساتھ کریں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج بھارت کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی، پاکستان کی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

مستونگ سے پولیس نے 6 نامعلوم افراد کی لاشیں قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردیں

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے سے پولیس نے 6 نامعلوم افراد کی لاشیں قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردیں۔ پولیس کے مطابق مستونگ شہر کے قریب کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ڈی سی ہاؤس کے قریب سے ایک جگہ دتو موڑ کے مقام سے 5 لاشیں برآمد ہوئیں ہیں

یوم دفاع پاکستان قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، جاوید اختر جمالی

وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہمارے قومی ہیروز ہیں

گنداخہ: (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے، جب پوری قوم نے اپنی بہادر مسلح افواج کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر عائشہ فیض کی گرفتاری سیاسی واخلاقی جواز سے عاری ہے، میر طاہر بزنجو

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق سینیٹر اور دانشور میر طاہر بزنجو نے ڈاکٹر عائشہ فیض کی گرفتاری پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر عائشہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ اور صوبائی وزراء کی میر غلام دستگیر بادینی سے والد کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر، صوبائی وزراء (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ریلی کا انعقاد

وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، مقررین

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) ڈیرہ اللہ یار 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ڈیرہ اللہ یار میں پر جوش ریلی نکالی گئی۔ ریلی پارلیمانی سیکرٹری بادیہ نواز بہرانی اور ڈپٹی میئر میر رب نواز خان بہرانی کی ہدایت پر نکالی گئی، جس کی قیادت بلاول نواز بہرانی نے کی۔ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

بسیمہ میں یوم دفاع پاکستان اور یوم شہدائے پاکستان کے موقع پر پروقار تقریب

شہداء کی قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ، انکی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: مقررین

بسیمہ (نامہ نگار) 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان اور یوم شہدائے پاکستان کے موقع پر بسیمہ میں سول سوسائٹی کی جانب سے ایک پروقار اور خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

میونسپل کارپوریشن صحبت پور کی صفائی مہم جاری، سیاسی وسماجی حلقوں کا اظہار اطمینان

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور: سیاسی وسماجی حلقوں نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن صحبت پور کے عملے کی جانب سے شہر بھر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کا سلسلہ جاری ہے، جو قابل تحسین اقدام ہے۔ میونسپل کارپوریشن کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں اور اہم مقامات سے کچرا اٹھا کر گاڑیوں کے ذریعے شہر سے دور مناسب مقامات پر منتقل کر رہا ہے

پاکستان ہماری پہچان، ہماری عزت اور ہمارا وطن ہے، امداد حسین مری

قوم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتیں

نصیرآباد (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ملک بھر کی طرح ڈیرہ مراد جمالی میں بھی یوم دفاع پاکستان قومی جوش وجذبے اور حب الوطنی کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں مری ہاؤس (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

سیاسی وقبائلی شخصیت میر غفار جان جتوئی سے صحافی غلام فاروق جتوئی ملاقات کر رہے ہیں

میر غفار جان جتوئی سے صحافی غلام فاروق جتوئی کی ملاقات

تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

بولان (نامہ نگار) سیاسی وقبائلی شخصیت میر غفار جان جتوئی سے صحافی غلام فاروق جتوئی نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران تحصیل سنی میں تعلیم کی مجموعی صورتحال، سرکاری سکولوں کی بندش، اساتذہ کی حاضری، طلباء کو درپیش مشکلات اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی سربلندی اور قومی وقار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، گورنر بلوچستان

یوم دفاع محض ماضی کی ایک تاریخی جنگ کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے قومی اتحاد، ملکی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے

موجودہ دور میں ملکی دفاع کا تصور صرف سرحدوں کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ قومی یکجہتی، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی، امن اور مضبوط ادارے بھی قومی سلامتی کے اہم ستون ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا یادگار دن ہے جو وطن عزیز کے دفاع کیلئے قوم کے غیر متزلزل عزم، اتحاد اور قربانی کی یاد دلاتا ہے اور یہی دن ہماری قومی تاریخ میں بہادری کی ایک روشن مثال ہے۔ 1965 میں ہماری بہادر مسلح افواج نے دشمن کی جارحیت کا جس شجاعت اور عزم مصمم کے ساتھ مقابلہ کیا وہ ہماری تاریخ کا قابلِ فخر باب ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قومی اتحاد، ایمان، عزم اور حب الوطنی کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کی سب سے بڑی قوت ہیں۔ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

وندر، یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے نکالی گئی ریلی سے وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر عبدالحمید رونجھ خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے، عبدالحمید رونجھ

6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے پاک فوج کے بہادر جوانوں اور پاکستانی قوم نے مل کر وطن عزیز کے دفاع کے لیے قربانیاں دے کر لازوال مثال قائم کی ہے۔ ہم اپنے شہداء اور (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سنی علماء کونسل کے 41 واں یوم تاسیس تجدید عہد وفا وتحفظ ختم نبوت کنونشن سے قاری عبدالولی فاروقی، حافظ محمد قاسم فاروقی، علامہ عبدالرحیم ساجد، مولانا عبدالنافع ندیم، مولانا مقبول الرحمٰن شاہ، حافظ ظہور احمد، مولانا عطاء اللہ، مولانا سراج احمد ابرار، مولانا اعظم طارق خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان مزید انتشار، تصادم اور بدامنی کا متحمل نہیں ہو سکتا، جمعیت

تمام سیاسی قوتوں، ریاستی اداروں اور حکومتی ذمہ داران کو ذاتی، گروہی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر صوبے کے مستقبل اور عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح بنانا ہوگی

بلوچستان خون، بدامنی اور خوف کی کیفیت سے گزر رہا ہے، عوام اپنے جان ومال کے تحفظ کے لیے پریشان ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ و پارلیمانی اراکین کا مشترکہ اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت صوبائی سیکرٹریٹ جناح ٹاؤن کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کی موجودہ انتہائی تشویشناک، غیر یقینی اور (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

6 ستمبر ہمیں شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، شیخ امتیاز حسین

مسلح افواج نے ہمیشہ قوم کے شانہ بشانہ ملک کے دفاع میں پیشہ ورانہ صلاحیت اور قربانیوں کا مظاہرہ کیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم (PAHF) کے پریذیڈنٹ شیخ امتیاز حسین نے 6 ستمبر، یوم دفاع کے موقع پر قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ہماری قومی تاریخ میں بہادری، قربانی، اتحاد اور حب الوطنی کی عظیم علامت ہے انہوں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی فوج پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے لیس بہترین فوج ہے، صادق عمرانی

یوم دفاع پاکستان منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم بحیثیت قوم پاکستان کی تعمیر وترقی اور قیام امن کیلئے جاری کوششوں میں سیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

ملک کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور قیام امن کیلئے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کے ذریعے ملک کو درپیش اندرونی وبیرونی چیلنجوں سے مقابلہ کرنے کیلئے اپنا اہم کردار ادا کریں

کوئٹہ (خ ن): بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان قوم کے عزم، اتحاد اور ملکی دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی علامت کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

وندر، مین سپلائر کی موٹر خراب ہونے سے پانی کا شدید بحران

وندر (یواین اے) وندر شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا حسن ہوٹل سے مین سپلائر کی موٹر خراب ہونے کے باعث گزشتہ چار روز سے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ شہری بوند بوند پانی کو ترسنے لگے۔ جبکہ خراب موٹر کی مرمت اور پانی کی سپلائی بحال ہونے میں مزید دو روز لگنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ مسلسل چار روز سے پانی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور گھروں میں پانی کے ذخائر ختم ہونے کے بعد لوگ پینے اور دیگر گھریلو ضروریات کے لیے پانی کے حصول کی خاطر مختلف ذرائع سے پانی خریدنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔

قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، میر نعیم خان عمرانی

یوم دفاع پاکستان؛ وطن کے دفاع میں شہداء کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

گنداخہ: (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی جنرل کونسل کے رکن و ضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک عظیم اور قابلِ فخر دن ہے، یہ دن ہمیں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ وطن کے دفاع کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا۔ یوم دفاع ہمیں اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے

سوئی: پاکستان ہاؤس میں میر غلام قادر بگٹی کی دسویں برسی کے موقع پر ان کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کی جا رہی ہے

وندر شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا

مین سپلائر کی موٹر خراب ہونے کے باعث گزشتہ چار روز سے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی معطل

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر شہر میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا حسن ہوٹل سے مین سپلائر کی موٹر خراب ہونے کے باعث گزشتہ چار روز سے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ شہری بوند بوند پانی کو ترسنے لگے۔ جبکہ خراب موٹر کی مرمت اور پانی کی سپلائی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بی آر اے نے انڈینٹرز کی سروسز پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 3 فیصد مقرر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیکس شیڈول کے مطابق بلوچستان میں اپنے کاروباری مقام سے سروسز فراہم یا انجام دینے والے انڈینٹرز (Indenters) کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 3 فیصد مقرر ہے، بشرطیکہ رجسٹرڈ شخص کو ان سروسز کی اجرت بیرونِ ملک موجود مقام سے غیر ملکی زرمبادلہ میں، بینکنگ چینلز کے ذریعے، اپنے کاروباری بینک اکاؤنٹ میں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق موصول ہو۔

جھل مگسی کے علاقے میں مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کوٹرہ کے علاقے میں مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا مسلح افراد کی پولیس تھانے کے قریب فائرنگ جبکہ جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے کوٹرہ پولیس تھانے کی حدود میں قائم سرکاری ریسٹ ہاؤس کو نا معلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے پوری عمارت کمرے چار دیواری منہدم ہوگئے

جیکب آباد: قومی امن کمیٹی اور مرکزی مسلم لیگ کے زیرِ اہتمام ریلی کا انعقاد

ملکی دفاع کے لیے پاک فوج کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت، دشمن کے عزائم خاک میں ملانے کا عزم

جیکب آباد (انیس جکھرانی) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر گڑھی خیرو میں قومی امن کمیٹی (اے) اور پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے اشتراک سے ایک بڑی اور پروقار ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز علمدار چوک سے ہوا جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی بیگاری کینال پل پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور یوم دفاع کے حوالے سے خصوصی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کا ہر کارکن اور رہنما پاک فوج کیساتھ کھڑا ہے، سربلند جوگیزئی

وطن عزیز کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن قومی جوش و جذبے کی یاد تازہ کرنے اور وطن عزیز کے دفاع کیلئے اپنی جانیں قربان کرنے کے عہد کی تجدید کا دن ہے 6 ستمبر 1965 کو ہماری بہادر مسلح افواج نے پوری قوم کے ساتھ مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر اس دن کو ہمیشہ کیلئے حب (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

بسیمہ، شہید احمد جان حاجیزئی کی صاحبزادی اپنے والد کے بہیمانہ قتل کے خلاف پریس کانفرنس کر رہی ہیں

سوئی، بزرگ سیاسی وقبائلی رہنما میر غلام قادر بگٹی کی دسویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

سوئی (خ ن) سوئی پاکستان ہاؤس میں بلوچستان کے بزرگ سیاسی وقبائلی رہنما میر غلام قادر بگٹی مرحوم کی دسویں برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس پروقار تقریب میں چیف آف بگٹی و وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چھوٹے بھائی اور میر غلام قادر بگٹی مرحوم کے چھوٹے صاحبزادے میر آفتاب خان بگٹی، ڈیرہ محمد بخش مونداری، میر عطاء اللہ کلپر، وڈیرہ شاہ مراد خان مسوری، میر جمال خان کلپر سمیت دیگر سیاسی وقبائلی عمائدین اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

اوتھل، ہندو ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ایک روزہ بلڈ کیمپ کا انعقاد

اوتھل (یواین اے) ہندو ویلفیئر سوسائٹی اوتھل لسبیلہ کی جانب سے حسینی بلڈ بینک کراچی کے تعاون سے ہندو کمیٹی ہال اوتھل میں ایک روزہ بلڈ کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ہندو اور مسلم برادری سے تعلق رکھنے والے 100 سے زائد نوجوانوں نے خون کے عطیات دیے۔ اس موقع پر ہندو ویلفیئر سوسائٹی اوتھل لسبیلہ کے صدر مول چند لاسی اور دیگر عہدیداران نے کہا کہ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

جدید کوچنگ، ریفریز، کیپسٹی بلڈنگ کورسز منعقد کرائیں گے: سید علی عمران

سکول اور کالج کی سطح پر بچوں میں ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کے حوالے سے آگاہی مہم بھی چلائیں گے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا ہے کہ ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کو فروغ دینے کیلئے کوچز (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

وندر شہر کچرہ کنڈی بن گیا، موذی بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ

گلی محلوں، بازاروں اور سڑکوں کے کناروں پر جگہ جگہ کچرے کے انبار لگ گئے

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر شہر کچرہ کنڈی بن گیا۔ بدبو اور تعفن سے موذی بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ گلی محلوں، بازاروں اور سڑکوں کے کناروں پر جگہ جگہ کچرے کے انبار لگ گئے۔ آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی احتجاجی کال کے تحت میونسپل کمیٹی وندر کی جانب سے کام (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

مسلح افواج اپنی آزادی کی حفاظت کرنا بخوبی جانتے ہیں، چوہدری نعیم کریم

ملک کی تعمیر وترقی، خوشحالی، استحکام کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن قومی جوش وجذبوں کی یاد تازہ کرنے اور وطن عزیز کے دفاع کے لئے اپنی جانیں بھی قربان کرنے کے عہد کی تجدید کا دن ہے 6 (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

چھتر، یوم دفاع پاکستان قومی اتحاد اور حب الوطنی کی علامت ہے، سید حیدر علی شاہ

وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازیوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

چھتر (یواین اے) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ سید حیدر علی شاہ نے قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور یادگار دن ہے، جب پاک افواج اور پاکستانی قوم نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اوتھل، یوم دفاع کے موقع پر شاندار ریلی اور تقریب، شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت

سردار غلام فاروق شیخ، سید سومار شاہ کاظمی اور محمد سلیم سرپرہ کی قیادت میں ریلی، طلبہ کے ملی نغمے اور تقاریر

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر چیئرمین ضلع کونسل لسبیلہ وچیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی اور پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل محمد سلیم سرپرہ کی قیادت میں ایک شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کاکا لون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883700
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، میر ایوب خان کھیتران

6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جا چکا ہے

بارکھان (این این آئی) سابق صوبائی وزیر اور ممبر بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی ہدایت پر میر ایوب خان کھیتران کی سربراہی میں بارکھان میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں شہریوں، سیاسی وسماجی کارکنوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، استحکام اور دفاع وطن کے لیے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں، مینا مجید

ہمیں آج اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے

دفاع وطن کے لئے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء ہماری آن، بان اور شان ہیں، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ 6 ستمبر کو پاکستانی فوج نے نہ صرف مادر وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو شکست دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ بزدل دشمن نے لاہور پر قبضہ کرنے کے لیے رات کی تاریکی میں حملہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وزیراعظم کی جانب سے نیپال کے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان نیپالی سفیر کے حوالے کیا جا رہا ہے

کراچی: ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان ایئر وائس مارشل حسن فیصل یوم دفاع کے موقع پر مزار قائد پر گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں